اب قمر عقرب کا حال لکھا جاتا ہے۔ کیونکہ ہر کام میں نقصان دیتا ہے۔ حامل کو اسے یاد کر لینا چاہیے اس لیے کہ قمر در عقرب کے زمانہ میں جو دور روز چند گھڑی ہے کوئی کام شروع نہیں کرنا چاہیے۔ مثلاً دعوت۔ زکوٰۃ وچلہ کسی بات کو آغاز نہ کریں۔ ہاں اگر چلے کے درمیان میں

میں واقع ہو جائے تو کچھ مضائقہ نہیں۔ قمر در عقرب کے زمانہ میں سفر و نکاح بھی نہیں کرنا چاہیے۔ اور اسی طرح زراعت اور عمارت کی بھی ابتدا نہ کریں۔ قمر در عقرب کو اساتذہ کے نظم میں بیان کیا ہے۔

ابیات

عقرب آمد ہر سہ دو نیم روز آمد گراں — ہر کہ کارے میکنی در وے بود آرد زیاں
یازدہ اندر اساس و ہشت اندر ساس ست — ششم بہ بھادوں سہ بآسن یک بہ کالک استمان
بست و ہشت آمد بہ گھن است و ششم آہوش — بست و سہ در اگہن باشد و یک وہ پھاگن بداں
سیزدہ در بیشہ باشند گر نیستانی سیدان — سیزدہ در چیت شمر و شانزدہ بیساکھ داں

نمازِ استخارہ

پہلے وضو کرے اور دو رکعت نماز نفل پڑھے اور بعد اس کے درود پڑھ کر یہ دعا پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُکَ بِعِلْمِکَ وَاَسْتَقْدِرُکَ بِقُدْرَتِکَ وَاَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّکَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ فَاقْدُرْہُ لِیْ وَیَسِّرْہُ لِیْ ثُمَّ بَارِکْ لِیْ فِیْہِ وَاِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ فَاصْرِفْہُ عَنِّیْ وَاقْدُرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ کَانَ ثُمَّ رَضِّنِیْ بِہٖ۔

پرہیز جلالی اگر آیات جلالی اور عملیات جلالی پڑھیں تو اس قدر پرہیز کریں کہ گوشت پہلی مرغ کا انڈا اصل مشک سیپ کا چونا منک کا پانی۔ چربی ڈول کا پانی۔ مادنی یا پشمی کپڑا اور وہ تمام چیزیں جو حیوانات سے پیدا ہیں ترک کریں۔ چھری جس کا

Scanned by CamScanner

دستہ ہاتھی دانت مچھلی کی ہڈی، بارہ سنگھے وغیرہ کا ہو استعمال نہ کریں۔ چمڑی موزے نہ پہنیں سر کے بال نہ ترشوائیں۔ ناخن نہ تراشیں، حجامت نہ کریں۔ (بعض اساتذہ کے نزدیک) مسور کی دال اور پان چھوڑ دیں۔ غیر کے بستر پر نہ بیٹھیں۔ دوسرے سے مس نہ ہوں ہرگز پیاز، مولی، ہینگ، نمک مستعمل غرضیکہ کوئی بسودہ نہ کھائیں۔ کیونکہ بسودہ پر مکھیاں بیٹھتی اور ان سے بساست خارج ہوتی ہے ہر وقت باوضو رہیں ہو سکے تو ہر روز روزہ رکھیں کڑوا میٹھا تیل نہ لگائیں۔ مگر ہاں کسی مسلمان تیلی سے اس طرح تیار کرا کے استعمال کریں تو مضائقہ نہیں کہ پہلے تلوں کو پانی میں ڈالیں جو تل پانی کے اوپر رہ جائیں ان کو دور کر دیں۔ کیونکہ ان کو کیڑے نے خراب کر دیا ہے۔ باقی تلوں کو صاف کر کے ان کا تیل نکلوائیں۔ جس شخص کو پہلے پہل خدمت کے لیے انتخاب کریں۔ وہ مرد پرہیزگار نمازی ہو اور کبھی اس نے حرام نہ کیا ہو آپ خود ہمیشہ غسل سے رہیں بغیر سلا ہوا کپڑا نہ پہنیں اور اس امر کا خیال رکھیں کہ کبھی خون جسم سے نہ نکلے۔ جس درخت سے دودھ نکلتا ہو اس کا پتہ نہ توڑیں۔ پھلوں یا بسودہ کی شاخ اپنے ہاتھ سے نہ توڑیں۔ بعض کہتے ہیں کہ لبیں بغل کے بال اور ناک کی ناخن تراشیں باقی بال نہ ترشوائیں۔ ہاتھی اور گھوڑے پر سوار نہ ہوں۔

پرہیز جلالی گوشت پھل سرکہ لہسن۔ پیاز نہ کھائیں حجامت نہ کریں۔ لباس ہر وقت پاک رکھیں دودھ دہی نہ کھائیں۔ جو سے تیل (کڑوا یا میٹھا) ضرورت کے وقت استعمال کریں تو مضائقہ نہیں۔ چاول، مسور، مونگ کی دال استعمال کریں حجامت و ناخن تراشنے کی اجازت ہے۔ سیا ہوا کپڑا نہیں۔ گھوڑے ہاتھی پر سوار ہو سکتے ہیں۔ اب عملیات پڑھنے کا طریقہ لکھا جاتا ہے۔

حکیم علی ضیاء

لوازم عملیات

اس تمام کتاب کو پڑھ کر عملیات کے لوازم اور شرائط مسلم کر کے ان پر عمل کرو۔ مثلاً قصد نہ رکھنے یا عمل پڑھنے سے پہلے طالع کا حال دریافت کرو۔ عمل کے لیے جس ساعت اور جس وقت کی ضرورت ہے اس کا انتظار کرو۔ اسی طرح جن غذاؤں اور جن بخورات کی ممانعت ہے وہ ہرگز نہ کھاؤ۔ جو عمل پڑھنا چاہتے ہو اس کے لیے جو پرہیز ضروری ہے وہ اختیار کرو۔ ذیل میں مختلف قسم کے اعمال و وظائف کے لیے جدا جدا شرائط و لوازم لکھے جاتے ہیں۔

عملیات بغض و عداوت وغیرہ کی شرطیں

ہلاکت دشمن۔ زبان بندی۔ بربادی دشمن۔ بغض و عداوت۔ دفع آسیب وغیرہ جو چیزیں کہ ابدی سے تعلق رکھتی ہیں ان کا حاکم زحل و مریخ ہے کیونکہ زحل خاک گرد بے نفاق پیدا کرتا ہے مریخ کا کام جنگ و جدال خونریزی تمام آفات ارضی و سماوی کو اس سے تعلق ہے۔ پس ان سب باتوں کے لیے پہلے آفتاب کو دیکھنا چاہیے کہ کس برج میں ہے۔

طالع ہو کہ آفتاب برج منقلب میں ہوتا ہے۔ آفتاب ماہتاب اپنے مدّ سے آٹھویں بارھویں یا چھٹے میں ہوتے ہیں۔ مریخ ساتویں میں اپنے دشمن کے مقابل ہوتا ہے۔ اور اس کا ساتواں خانہ نکبت و وبال کا ہے کوکب زحل یا مریخ کو اپنے طالع سے شرف ہوتا ہے یا یہ اپنے طالع سے اپنے خانے میں قوی ہوتے ہیں اور شنبہ و سہ شنبہ کا دن ہوتا ہے۔ ساعت زحل آفتاب کی لگن چر ہوتی ہے۔ تمام سامان بخورات زحل کا جیسا

Scanned by CamScanner

ہو اور عامل کی پوشاک دھانہ نماز یک رنگ سیاہ ہو کوئی تلخ و تیز چیز عامل سونہہ میں رکھ لے مثلاً سیاہ مرچ سنگ تباکو۔ برگ نیب وغیرہ۔ بخورات کو گل وغیرہ ہو۔ تاریخ بنیاد سے زائچہ کے مطابق طالع و دشمن کے مخالف تاریخ ہو غذائیں بیاز موکل زحل کے لیے موافق نقشہ مندرجہ ذیل ہوں اور ان کو عامل اپنے روبرو رکھ لے۔ ہلالی مہینے ہو عامل دشمن کے مخالف ہوں۔ رجال انیب کی طرف منہ نہ کریں۔ قمر در عقرب نہ ہو۔ یا قمر طالع سے چھٹے آٹھویں بارھویں میں ہو۔ پس اس قدر شرائط ادا کرکے پہلے زحل و مریخ کی تسخیر کریں پھر عمل شروع کرنے کے لیے استخارہ کریں نفاق کا جو عمل اس ترتیب سے کریں گے نیز ہدف ہوگا۔ اور اگر اس صورت میں عمل نہ کریں اور پھر اثر نہ ہو تو عمل کا قصور ہے۔

عملیات محبت و تسخیر کی شرطیں

تسخیر و محبت کے لیے عمل یہ دیکھ لو کہ آفتاب برج ذوجسدین میں ہو۔ زہرہ عطارد قمر اپنے اور معشوق کے طالع سے گیارھویں اور نویں یا پانچویں تیسرے خانے میں ہوں برج و زحل بنظر دوستی کسی نیک جگہ تیسرے یا پانچویں نویں گیارھویں برج میں ہوں اگر زہرہ و قمر یا عطارد و شرف میں ہوں تو بہتر ہے۔ آفتاب کی لگن چر ہو۔ پس اس وقت ساعت زہرہ میں جمعہ یا چہارشنبہ یا دوشنبہ کے دن جب کہ عربی مہینوں کی سعد تاریخیں ہوں اور اپنی و محبوب کے طالع کے حساب سے تاریخ سعد اکبر ہو رجال انیب روبرو اور دہنی جانب نہ ہوں۔ ہلالی ہو۔ قمر در عقرب نہ ہو پوشاک و تمام اسباب عامل کا سبز یا سندل یا سفید مطلق ہو۔ غذا موکلات کی نیاز کے لیے روبرو موجود ہو۔ مخصوص بخورات ان کواکب کے سلگائیں بعد ان تینوں کواکب کی تسخیر کا عمل پڑھیں۔ استخارہ کرکے حب و تسخیر وغیرہ کے لیے عمل کریں کامل اثر ہوگا۔

عملیات برائے بلندیٔ مراتب کشائش رزق تسخیر امرا۔ دافع مرض وغیرہ کی شرطیں

اگر کشائش رزق افزونی مال تسخیر بادشاہ۔ زبان ہندی امرا کے عملیات پڑھنا یا نقش پڑھنا چاہیں یا امراض ہیکلہ کا علاج عمل سے منظور ہو تو پہلے آفتاب کو دیکھیں اگر برج ثابت میں ہو تو بہتر ہے اور ماہتاب بھی برج ثابت میں ہو۔ ہلالی مہینوں میں نر مہینہ ہو۔ آفتاب قمر مشتری اپنے اور اس امیر کے طالع سے جس کو تسخیر کرنا منظور ہے۔ بلحاظ نظر بدوجی باہم پانچویں نویں گیارھویں میں ہوں آفتاب و مشتری کو شرف ہو تو بہتر ہے پس آفتاب یا مشتری کی اول ساعت لے کر یکشنبہ یا پنجشنبہ کے دن جب کہ آفتاب لگن چر میں ہو۔ تاریخ سعد ہو اپنے طالع سے بحساب نحوم رجال انیب روبرو یا دہنی جانب ہو۔ عمل خوانی کے لیے بیٹھیں عامل کی پوشاک سندلی و زرد رنگ کی ہو مہرہ و جنس وغیرہ آفتاب و مشتری کی غذاؤں کے مطابق نیاز موکلات کے لیے روبرو رکھیں بخورات کواکب سلگائیں۔ ان شرطوں کو بجا لاکر تسخیر آفتاب و مشتری کا عمل پڑھیں اور استخارہ کرکے وظیفہ شروع کریں۔ اثر عظیم ہوگا۔

قواعد نقش نویسی

بعض ناواقف لوگ نقوش میں ہندسے وغیرہ دیکھ کر سمجھتے ہیں کہ چند خانے کھینچ کر ان میں ہندسے بھر دینے کا نام نقش ہے۔ حالانکہ نقش نویسی ایک مستقل اور با قاعدہ فن کی حیثیت رکھتی ہے اور اہل علم نے اسے علمی بنیادوں پر قرار دیا ہے۔ قبیل میں نقش نویسی کے فوائد لکھے جاتے ہیں۔ لیکن پہلے چند ابتدائی اور اصطلاحی امور کا جاننا ضروری ہے اور وہ یہ ہیں۔

اصطلاحات نقش نویسی اور ان کی تفصیل

اعداد کی دو قسمیں ہیں۔ کامل و ناقص شکل میں عدد قائم کرنے کی چار صورتیں ہیں۔ نام ناقص فرد زوج شکل نام یا کامل اُس شکل کو کہتے ہیں جس میں ایک اور شکل بھی مندرج ہو۔

Scanned by CamScanner

شکل ناقص اس شکل کو کہتے ہیں جس میں کوئی دوسری شکل مندرج نہ ہو جیسے مثلث مربع حقیقی شکل ناقص ہیں صرف ایک خاصیت ہوتی ہے بخلاف خمس کے کہ اس میں مثلث و مربع بھی مندرج ہے۔ اور یہ دگنی خاصیت رکھتا ہے اسی طرح سبع و ثمن شکلیں سہ گنی خاصیت رکھتی ہیں شکل کی صحت معلوم کرنے کا یہ قاعدہ ہے کہ ضلع ضلع سے سطر سطر سے قطر قطر سے برابر ہو۔ اگر یہ سب باتیں برابر نہ ہوں گی تو شکل صحیح نہ ہوگی۔

عدد عدل ایک سطر کے خانوں کے عدد لے کر انہیں میں ضرب دو اور حاصل ضرب میں ایک اور ملا دو پھر سطر کے اعداد کو نصف کر کے اس مجموعہ میں ضرب دو۔ کل اعداد عدد عدل کہلائیں گے

عدد مطروحہ ایک سطر کے اعداد لے کر انہیں میں ضرب دیں اور حاصل ضرب سے ایک کم کر دیں۔ پھر سطر اوّل کا نصف تقسیم کر کے حاصل قسمت کو اس مجموعہ میں ضرب دیں حاصل ضرب عدد مطروحہ کہلائیں گے۔

نقش مثلث کے اعداد کی خانہ پُری عدد عدل سے عدد مطروحہ کو تفریق کر دو پھر باقی کو سطر کے اعداد پر تقسیم کر کے کسی سطر سے نقش پُر کر دو۔ چنانچہ مثلث حقیقی کی ایک سطر میں تین عدد ہیں ان کو نصف کیا۔ تو ڈیڑھ ہوا اور اس کے عدد عدل حاصل کے لیے ایک کے بجائے دس اور نصف کے بجائے پانچ دونوں کو جمع کیا تو پندرہ ہوئے معلوم ہوا کہ مثلث حقیقی کے لیے کم از کم پندرہ اعداد ہونا لازمی ہیں اور اگر اس سے زیادہ ہوں تو بھی جائز ہے۔

نقش مربع کے اعداد اسی طرح مربع حقیقی کی سطر کے چار عدد ہیں۔ چار کو چار میں ضرب دیں حاصل ضرب دیا حاصل ضرب سولہ ہوا اس میں ایک اور ملایا کل سترہ ہوئے۔ اب سطر کے عددوں کو دو پر تقسیم کر کے خارج قسمت سے

اس مجموعہ کو ضرب دیا حاصل ضرب چونتیس ہوا۔ یہ عدد حقی ہیں پس معلوم ہوا کہ مربع کے عدد چونتیس ۳۴ سے کم نہیں ہو سکتے اگر ان سے زیادہ ہوں تو مضائقہ نہیں۔

عدد مطروحہ مثلث کے یوں معلوم کیے گئے ہیں کہ سطر کے عددوں کو انہیں میں ضرب دیا یعنی تین کو تین سے ضرب دیا حاصل ضرب نو ہوا اس میں سے ایک تفریق کر دیا۔ آٹھ باقی رہ گئے۔ گویا آٹھ کل ہے اور نصف چار ہے پس آٹھ کو چار میں جمع کر دیں۔ مجموعہ بارہ ہوا اور یہی عدد مطروحہ ہیں۔

عدد مطروحہ مربع میں یوں معلوم کیے گئے کہ سطر اوّل کے دو عددوں کو ان میں ضرب دیا یعنی چار کو چار میں ضرب دیا حاصل ضرب سولہ ہوا اس میں سے ایک گھٹا دیا پندرہ باقی رہے گا ان کو پہلی سطر کے نصف یعنی دو سے ضرب دیا۔ مجموعہ تیس ہوا۔ اور یہی عدد مطروحہ ہیں جب معلوم ہو گیا کہ مثلث کے اعداد مطروحہ بارہ اور مربع کے اعداد مطروحہ تیس ہیں۔ تو اعداد عدل سے ان کو تفریق کر دیا اور جو کچھ باقی رہا اس کو سطر کے عدد سے تقسیم کر دیا۔ خارج قسمت سے خانہ پری کی۔ چنانچہ حساب مذکورہ بالا کے مطابق مثلث و مربع کی ایک سے خانہ پری شروع کی گئی۔

اگر اعداد میں کسر واقع ہو تو مثلث میں کسی طرح رفع نہیں ہو سکتی اور مربع میں برابر آتی ہے۔ اگر کسر ہو تو اس خانے سے جو کسر کے لیے ہے ایک عدد اور زیادہ کرے پس اگر تہائی کی کسر ہو یا پانچویں خانے سے دو کی ہو تو نویں خانے سے ایک کی ہو تو تیرھویں خانے سے ایک عدد زیادہ کریں۔ اور مثلث میں دو کے لیے چوتھے خانے سے اور ایک کے لیے ساتویں خانے سے ایک عدد زیادہ کریں۔

تفصیل اشکال اشکال کی تفصیل یہ ہے کہ اشکال تین قسم کی ہیں۔ اوّل فرد دوسری زوج الفرد تیسری زوج الزوج شکل فرد وہ ہے کہ اگر سطر کے عدد نصف کریں تو پورے پورے تقسیم نہ ہوں۔ کسر آتی ہو جیسے مثلث کی سطر کے عدد

Scanned by CamScanner

تین ہیں ان کو نصف کیا تو ڈیڑھ ہوا جو سالم نہیں ہے بلکہ کسر ہے یا پنجس کو نصف کیا تو ڈھائی ہوا اس کی بھی وہی حالت ہے۔

شکل زوج الفرد۔ رہ ہے کہ اگر سطر کے عدد نصف کریں تو سالم ہوں اور نصف کا نصف کریں تو سالم نہ ہوں جیسے مسدس کی سطر کی چھ عددیں ان کو نصف کیا تو تین ہوئے یہ سالم ہے لیکن ان کو نصف کیا تو ڈیڑھ عدد ہا اس میں کسر ہے اور نصف کے نصف میں کسر نہ ہو تو وہ زوج الزوج ہے جیسے مثمن۔

نقش مثلث کی خانہ پری کا طریقہ

ایک سطر کے عدد اتنیں عددوں میں ضرب کئے گئے یعنی تین کو تین میں ضرب کیا حاصل ضرب نو ہو۔ ایک عدد متوالیہ کھینچے بڑھایا گیا دس ہوئے یہ کل ہے اس میں نصف اور یعنی پانچ ملائے۔ کل پندرہ ہوئے پس ان پندرہ کو ہر مثلث سے اس طرح پر کیا گیا کہ بارہ عدد مطردہ کو تفریق کیا تین جیسے ان کے تین مثلثے کیے۔ ایک رہا ایک سے نقش پوری شروع کی۔

اشکال نقوش مثلثہ



چاروں قطاروں کو چھوڑ کر جس طرف سے چاہیں اس سے خانہ پری شروع کریں اس نسخہ میں نقش مثلث بھرنے کی پوری ترکیب آگئی ہے۔

دو اسپ و رخ و دو فرزیں یا ز رخ گیر
شدہ آخر مثلث راست تدبیر

نقش مربع کی خانہ پری کا طریقہ

چار کو چار میں ضرب دیا سولہ ہوئے ایک عدد زیادہ کیا سترہ ہوئے ان کو دو سے ضرب دیا چونتیس ہوئے یہ وتد لبنی کے عدد ہیں۔ پھر انیس سولہ میں سے ایک کم کیا پندرہ رہے۔ ان کو دو میں ضرب دیا تیس ہوئے۔ یہ عدد مطردہ ہیں۔

چنانچہ عدد وصلی سے عدد مطردہ تفریق کردے جو باقی رہے اس کو چار پر تقسیم کیا ایک خانہ قسمت ہوا اس سے نقش پوری شروع کی۔ مربع کے سولہ خانوں میں سے ہر ایک خانے کی ایک جدا خاصیت ہے۔ جو شش و مربع کی ترکیبات میں بیان ہوگی۔

نقش مربع پر کرنے کا قاعدہ یہ ہے۔ ؎

اسپ فرزیں اسپ و رخ بازاست فرزیں اسپ گیر
فیل راندہ و مربع ہر طرف دور سے پذیر

نقش کی شکل یہ ہے۔

اسپ	فیل	رخ	فیل
فیل	اسپ	فرزیں	فیل
فرزیں	فیل	سولھواں	اسپ
فیل	رخ	اسپ	فیل

ان چاروں خانوں میں سے ایک آتشی ہے ایک خاکی ہے۔ ایک بادی ہے۔ ایک آبی ہے۔ اور چاروں اسی سلسلہ کے ساتھ شروع ہوتے ہیں پس ہر ایک کام کے لیے اسی خانے سے نقش پر کرنا چاہیے جو اس کے لیے مناسب ہے ان نقوش کو نقش اجل کہتے ہیں۔ اور مثلث کو نقش کہتے ہیں۔ کسر دینے کی ترکیب اول مذکور ہو چکی ہے۔ اب مثال کے طور پر ایک نقش لکھا جاتا ہے اور وہ نقش اگلے صفحہ پر ہے۔

Scanned by CamScanner

۱۰	۱۴	۱۷	۱
خانہ کسر یک ۱۹	۲	۹	۱۵
۳	خانہ کسر دو ۱۱	۱۹	۸
۱۲	خانہ کسر سہ ۳	۴	۱۸

پس اسی طریقہ سے سوا کھ اور کروڑ کا نقش پُر کریں۔

اشکال نقوش مع خواص

خانہ (۱) صحت کے لیے

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۰	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

خانہ (۲) خاکی محبت کے لیے

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۹	۶
۵	۱۰	۱۵	۴

خانہ (۳) بادی دولت کے لیے

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۲	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

خانہ (۴) آبی فرحت و امان دشمن کے لیے

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

خانہ (۵) آتشی امان غرق کے لیے

۴	۹	۷	۱۴
۱۵	۶	۱۲	۱
۳	۱۴	۸	۹
۵	۱۶	۳	۱۱

خانہ (۶) خاکی سرخ باد و بیماری دفع کے لیے

۵	۱۰	۱۵	۴
۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۲	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹

خانہ (۷) بادی نزہ باطنی حال کے لیے

۴	۱۵	۱۰	۵
۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶

خانہ (۸) آبی جدائی کے لیے

۱۴	۷	۹	۴
۱	۱۲	۶	۱۵
۸	۱۳	۳	۱۰
۱۱	۲	۱۶	۵

خانہ (۹) آتشی تنہائی جنگ کے لیے

۵	۱۶	۲	۱۱
۱۰	۳	۱۴	۸
۱۵	۶	۱۲	۱
۴	۹	۷	۱۴

خانہ (۱۰) خاکی حصول علم و عزت کے لیے

۱۶	۳	۶	۹
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۱	۸	۱	۱۴
۵	۱۰	۱۵	۴

خانہ (۱۱) بادی وصل دوست کے لیے

۹	۶	۱۰	۱۶
۷	۱۲	۱۳	۲
۱۴	۱	۸	۱۱
۴	۱۵	۱۰	۵

خانہ (۱۲) آبی صلح و غلوں دشمن کے لیے

۱۱	۲	۱۶	۵
۸	۱۳	۳	۱۰
۱	۱۲	۶	۱۵
۱۴	۷	۹	۴

Scanned by CamScanner

خانہ (۳) اشتی کھت کے کیڑے دور کرنے کیلئے

۱۰	۵	۴	۱۵
۳	۱۶	۹	۶
۱۳	۲	۷	۱۲
۸	۱۱	۱۴	۱

خانہ (۴) خلقی افزونی زدامت کے لیے

۵	۱۰	۱۵	۴
۱۶	۳	۶	۹
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۱	۸	۱	۱۴

خانہ (۱) یادری مشق کے لیے

۳	۱۵	۱۰	۵
۹	۶	۳	۱۶
۷	۱۲	۱۳	۲
۱۴	۱	۸	۱۱

خانہ (۲) آبی

۱۵	۴	۵	۱۰
۶	۹	۱۶	۳
۱۲	۷	۲	۱۳
۱	۱۴	۱۱	۸

سولھویں خانہ کا نقش بادشاہوں کے آگے جانے یا سلامتی ذات۔ خوبی تدبیر صلاح کاروبار دیگر امور کی بہتری کے لیے ہے۔

نقوش مخمس

چونکہ مخمس کی اصل پانچ ہے اس لیے پانچ سے پانچ کو ضرب دیا پچیس حاصل ضرب ہوا اس میں سے ایک عدد زیادہ کیا چھبیس کو ڈھائی سے ضرب دیا۔ حاصل ضرب پینسٹھ ہوئے۔ اور بین عددوں میں عدد مطروحہ یات کرنے کے لیے پانچ کو پانچ میں ضرب دی پچیس حاصل ضرب ہوا اس میں سے ایک کم کیا چوبیس ہوئے ان کو ڈھائی سے ضرب دیا۔ حاصل ضرب ساٹھ ہوا اور بین عدد مطروحہ ہے۔ عدد مطروحہ کو عدد عدل سے تفریق کر دیا۔ پانچ باقی رہے ان کو پہلی سطر کے عدد یعنی پانچ سے تقسیم کیا خارج قسمت ایک ہوا اس سے نقش پوری کی گئی۔

مخمس مخمس میں کافی غور کرنا چاہیے یعنی اس میں ایک سات، اٹھارہ چھبیس پانچ چھ دو، چودہ بارہ بیس اور تیرہ انیس، پچیس برابر ہیں اور دس، بائیس، دو، چودہ برابر ہیں۔ ضلع و حواشی چھوٹے ہوتے ہیں ہر مخمس میں مخمس ناقص بے ہمل صحیح پر کریں دوسری ترکیب یہ ہے۔ کہ اس کی چال مربع کی طرح معلوم کریں یعنی طول اسپ رخ دو اسپہ وغیرہ۔ چنانچہ ایک مخمس لکھی جاتی ہے۔

۱	۳ طول	۲۲	۱۰ طول	۱۸
۲۵	۸	۱۹ رخ	۴ طول	۱۲ طول
۱۹	۱۲ اسپ	۱۵ اسپ	۲۳	۲ رخ
۳ وزیر اسپہ	۲۱ اسپ	۱۸ اسپ	۱۷	۵ اسپ
۰	۴۰	۱۳ اسپ	۱۱ طول	۲۴

اس مخمس میں چار ضلع اور چار قطر واقع ہوئے ہیں ضلع فوقی یعنی اوپر کا ضلع اور وہ ضلع جو اس کے مقابل ہے اور اس کا ضلع تحتی کہتے ہیں ایک ضلع جو دہنی جانب ہے اسے ضلع یمنی کہتے ہیں۔ ایک ضلع جو بائیں جانب واقع ہے اسے ضلع یساری کہتے ہیں ہر ضلع میں تین تین خانے ہوتے ہیں کہ ان کا مجموعہ بارہ خانے ہوتا ہے اور چار قطر یعنی گوشے کل سولہ ہیں۔ نو خانے باقی رہ وسط کہلاتے ہیں۔ یہ شکل کے نو خانے چاروں طرف سے جڑے ہوتے ہیں۔ بس اسی ترتیب کے ساتھ ہر ایک خانہ سے نقش پر کریں۔ مثال کے لیے چند نقش لکھے جاتے ہیں

نقش اگلے صفحہ پر ہے۔

حکیم علی ضیاء

Scanned by CamScanner

خانہ (۱)

۷	۱۳	۱۹	۲۵	۱
۳۰	۲۱	۲	۸	۱۴
۳	۹	۱۵	۱۶	۲۲
۱۱	۱۷	۲۳	۴	۱۰
۲۴	۵	۶	۱۲	۱۸

خانہ (۱۵)

۱۹	۱۸	۲۱	۴	۳
۲	۱۶	۹	۱۴	۱۱
۱	۱۱	۱۳	۱۵	۲۵
۲۰	۱۲	۱۷	۱۰	۶
۲۳	۸	۵	۲۲	۷

خانہ (۵)

۱	۲۵	۱۹	۱۳	۷
۱۴	۸	۲	۲۱	۲۰
۲۲	۱۶	۱۵	۹	۳
۱۰	۴	۲۳	۲۷	۱۱
۱۸	۱۲	۶	۲۵	۲۴

خانہ (۲)

۴	۱۹	۲۱	۱۰	۲۰
۲۴	۱۴	۱۵	۱۰	۲
۲۳	۹	۱۳	۱۷	۳
۸	۱۶	۱۱	۱۲	۱۸
۶	۷	۵	۲۵	۲۲

خانہ (۱۱)

۳	۴	۲۱	۱۸	۱۹
۲۴	۱۴	۹	۱۶	۲
۲۵	۱۵	۹	۱۱	۱
۶	۱۰	۱۷	۱۲	۲۰
۷	۲۲	۵	۸	۲۳

(خانہ (۱۶)

۷	۲۲	۵	۸	۲۳
۶	۱۴	۱۵	۱۰	۲۰
۲۴	۹	۱۳	۱۷	۲
۲۵	۱۶	۱۱	۱۲	۱
۳	۴	۲۱	۱۸	۱۹

ان مثالوں میں مختلف خانوں سے نقش پُر کیے گئے ہیں عامل کو اختیار ہے جس خانے سے چاہے اور ضرورت ہو پُر کرے۔ اسی طرح وقف طبعی کے عدد دریافت کر کے مسدس کی شکلیں تیار کرے مثلاً مسدس کی اصل چھ ہے چھ کو چھ میں ضرب دیا چھتیس ۳۶ حاصل ضرب ہوا اس میں ایک شامل کر دیا پینتیس ہوئے ان کو سطر کے نصف عدد یعنی چھ سے ضرب دیا فاضل ضرب ایکسو گیارہ ہوئے یہ عدد عدل اور جب قاعدہ مذکور بالا عدد مطرد حصر ایک سو پانچ ہیں اسی طرح ضرب دینے کے بعد چھ باقی رہے۔ ان کو چھ پر تقسیم کیا۔ ایک خارج قسمت آیا۔ اس سے نقش پری شروع کی گئی اس کی رفتار شکلِ دو اسپہ کی طرح ہے اور انہیں قواعد کے مطابق نقش مسبع دشمن کو بھی کرنا چاہیے۔

نقوش کی دعوت اور زکات کا طریقہ

نقوش مثلث کی دعوت عناصر پر ہوتی ہے یعنی چاروں نقوش کو ساٹھ دن تک ترک حیوانات ولذات کر کے پندرہ بار ہر ایک کو لکھے۔ آتشی کو آگ میں ڈالے۔ بادی کو ہوا میں پندرہ بار رکھ کر پندرہ روز تک لکھیں آبی کو پانی میں ڈالیں۔ اور خاکی کو پندرہ دن تک خاک میں رکھیں۔ ساٹھ دن گزرنے کے بعد ہر روز چار نقش لکھنے کا معمول کر لیں۔ پس محبت وتسخیر وفتوح صحت وبیماری کے لیے آتشی نقش لکھیں۔ دور جنگ وفتح وخرخشہ ودفع بیماری وآسیب خانہ وفلیتہ وحاضرات وبیماری کہنہ کے لیے بادی اور عورتوں کی محبت ومواصلت وجاہ کنی وتیاری باغ اور امرا وفقرا کے رُدبرو جانے اور عالم کو تسخیر کرنے کے لیے آبی نقش لکھیں اور نفاق وجدائی وزبان بندی ودفع حسد حاسدان وتحصیل مال وعمارت وسفر وتیاری نسخۂ کیمیا ادویہ وغیرہ خاکی لکھیں اثر تمام ہوگا۔

عملیات میں استادوں نے ان میں سے ہر ایک نقش کی زکوٰۃ کا ایک جدا طریقہ لکھا ہے اور ان کی جو کچھ خاصیت ہو جائے تعجب نہیں کیونکہ نقش اجل ونقش حوا میں عجیب عجیب خزانے مخفی ہیں۔

واضح ہو کہ نقش آتشی کا متوکل عزرائیل ہے نقش بادی کا جبرئیل۔ نقش آبی کا میکائیل نقش خاکی کا اسرافیل اور یہی متوکل مربع میں بھی ہیں اور زکوٰۃ مربع کی ترکیب یہ ہے کہ آتشی نقوش

Scanned by CamScanner

کو چونتیس عدد لکھ کر آگ میں ڈالیں اور بادی کو ہوا میں اڑائیں اور اسی پر دو مہینوں کو قیاس کریں
مخمس کی ترکیب یہ ہے کہ زہرہ کی ساعت میں پنیٹھ نقش لکھ کر بخورات روشن کریں۔ اور آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالیں پنیٹھ دن تک یہ عمل کریں۔ اس نقش میں دوسرے نقوش سے بھی زیادہ ترک حیوانات ولذات ضروری ہے۔

قواعد عمل تکسیر

یہ طریقہ عملیات میں بہت رائج ہے۔ اس کی مشق بہم پہنچانی چاہیے۔ ذیل کی مثال طالب مطلوب کے ناموں کے ساتھ "ودود" اسم باری تعالیٰ بھی شامل کیا گیا ہے تاکہ مثال بھی ہو جائے اور ساتھ ہی ایک زبردست عمل بھی ناظرین تک پہنچ جائے جس طرح اس مثال میں اسم "ودود" دکھایا گیا ہے اسی طرح تمام اسماء حسنیٰ شامل کیے جاتے ہیں اور سب کے خواص جُدا جُدا ہیں۔

حب اور امیر و فقیر کے دلوں کو تسخیر کرتے کے لیے اس سے بہتر کوئی عمل نہیں پایا گیا ترکیب یہ ہے کہ مطلوب کا نام طالب کا نام کی جگہ لکھے اور طالب کا نام مطلوب کے نام کی جگہ اس طرح فخر النسا، مطلوب۔ غلام حسین طالب ان امور کی تکسیر یوں کرنی چاہیے۔ مثال (و فاخ ران س اودد ودغ ل ام ح س ی ن) ان سب حرفوں کو چپ و راست سے تکسیر کرے۔ اس طرح کہ پہلی سطر آخری سطر میں نکلے۔ اور اس کو مصدر مؤخر کہتے ہیں۔ اور حروف تکسیر کے نیچے کی ترکیب یہ ہے کہ طالب و مطلوب کے حرف جُدا لکھ کر حروف کے مؤکلوں کا نام لکھے اور اس کے بعد مؤکلوں کے ناموں کے موافق باری تعالیٰ کا نام لکھے پھر باقی عبارت سے عزیمت لکھے۔ اور جس قدر کہ تکسیر سطر میں ہو اسی قدر فلیتہ لکھ کر خوشبو دار تیل کے چراغ میں روشن کرے مگر چراغ کا منہ مطلوب کے گھر کی طرف ہو بے شک مطلوب بے قرار ہو کر حاضر ہوگا۔ لیکن سطر اوّل سے مؤکلوں کے نکالتے وقت حروف مکرر لکھ کر باقی ماندہ کے مؤکلوں اور باری تعالیٰ کے نام لکھے اور ہم اس کی مثال لکھ دیتے ہیں تاکہ آسانی ہو اور تردد نہ ہو۔ مثال :-

ف خ ران س اودد ودغ ل ام ح س ی ن ن ی خ س۔ ح ام اس ل ا غ د د
دون د ف د ی د خ غ س ارل ح س ا ام ن ن و م ن ر د ا ف س س و ح ی ل و ر خ ا غ
س س ن غ و ام خ ن ر د ا ا و د ل د ی ف خ س س و د س س ن ح غ ف د ی ا ام ل خ د ن و ر ا۔
ا و ر س د س ن ن ن و ر خ خ غ ل ن م ا د ی ا ا ا ی د ا ر د س م ر ف س ل م ن غ ن خ و ح ج
ا ا د ا خ ی ن ن د ا غ ا ن ر ل د س ف م و د ح م ا ف د س ا س خ د ی ل ن ن غ ا ا ع ح
ن م د ا ر ف ن د ل س ی ا و س خ خ ا س و د غ ا ح ی ن ی ا ل و د ا ن ح ر ف ف ر ا ن س
ا د د و د غ ل ا م ح س ی ن۔

پس جب سطر اوّل کے حروف آخری سطر میں پیدا ہو جائیں تو تکسیر تمام ہو جائے گی جیسا کہ مثال سے ظاہر ہے۔ مؤکلوں کو اس طریق سے نکالیں کہ مثلاً (ف) کا مؤکل (سرحائیل) حرف (خ) کا مؤکل (بہکائیل)۔ حرف (ر) کا مؤکل اسواکیل حرف (ا) کا مؤکل (اسرافیل) حرف (ن) کا مؤکل (حوائیل) حرف (س) کا مؤکل (ہواکیل) ہے۔ حرف الف مکرر آیا ہے۔ اس لیے دور کیا گیا۔

مطلوب کے نام کے مؤکل نکل آئے۔ اب اسم باری تعالیٰ کے مؤکل دریافت کریں۔ حرف (د) کا مؤکل (رتمائیل) حرف (د) کا مؤکل (دردائیل) ہے چونکہ باقی حروف واؤ دال مکرر آئے ہیں اس لیے دور کیے گئے۔ اب اسم طالب کے مؤکل دریافت کریں۔ حرف (ع) کا مؤکل (لوخائیل) حرف (ل) کا مؤکل (فاطائیل) اور الف چونکہ مطلوب کے نام میں آچکا ہے اس لیے اس کی ضرورت نہیں۔ حرف (م) کا مؤکل (ردمائیل) حرف (ح) تنکفیل ہے۔ حرف سین مطلوب کے نام میں آچکا ہے حرف (ی) کا مؤکل سرکیکائیل ہے۔ طالب و مطلوب کے ناموں کے مؤکل معلوم ہو گئے اب ان اسماء باری تعالیٰ کو دریافت کرنا چاہیے جو ان مؤکلوں کے ناموں کے قائم مقام ہیں۔ چنانچہ حرف (ف) کا مؤکل (سرحائیل) ہے۔ اس کی جگہ باری تعالیٰ کا نام یا فتاح ہے۔ یہ اسم لوح ہے یعنی (ف) سے شروع ہوا ہے اور جو اسم کہ آخر میں یہ حرف رکھتا ہو وہ مبینہ ہے۔ جیسے یاؤد کے آخر میں یہ حرف (ف) ہے اور باری تعالیٰ

Scanned by CamScanner

کے اس نام کا مؤکل بھی سرحائیل ہے پس اگر زیور یہ کا موقع ہو تو زیور یہ اختیار کریں اور اگر
بینہ کی ضرورت ہو تو بینہ اختیار کریں۔ مطلوب کا دوسرا حرف (خ) ہے اور اس کا مؤکل میکائیل
ہے جس کی جگہ باری تعالیٰ کا نام یا خافض زیور یہ ہے۔ یا خالق دیا خبیر بھی ہے۔ اور اگر
خواہ مخواہ بینہ کی ضرورت ہو تو ناچاری ہے۔ یا آخر اختیار کریں۔

مطلوب کا تیسرا حرف (ر) ہے اس کے مؤکل کی جگہ اسم باری تعالیٰ زیور یہ میں جیسے
یارب یارؤف یارحمن یارحیم یارزاق اور بینہ یہ ہیں۔ یا برّ با قادر یا مقتدر یا ظاہر

حرف (الف) کا موکل۔ اسرافیل ہے۔ اور اس جگہ اسماء زیور یہ یا اوّل یا اللہ یا احد ہیں
مگر بینہ نہیں ہیں۔ حرف (ن) کا مؤکل حوائیل ہے اور اس جگہ اسماء زیور یہ یا نصیر یا ناصر یا نافع
یا نور ہیں اور بینہ یا باطن۔ یا مؤمن یا مہیمن ہیں حرف (س) کا مؤکل ہواکیل ہے۔ اور اسماء
باری تعالیٰ زیور یہ، یا ستار۔ یا سمیع یا سلام یا سیّد ہیں اور بینہ یا قدوس ہے مطلوب کے
بعد باری تعالیٰ کے مؤکل دریافت کریں چنانچہ دونوں مؤکل رفتائیل۔ و دردائیل ہیں۔ اسماء
باری زیور یہ حرف (دا دم) کے لیے یا ودود۔ یا واحد یا وہاب یا وکیل ہیں اور بینہ یا غفور ہے اور
حرف دال دالی کے لیے جس کا مؤکل دردائیل ہے۔ زیور یہ یا دائم یا دیان۔ یا دلیل ہیں اور بینہ
یا شہید یا ودود یا مجید یا حمید یا واحد۔ یا احد یا صمد ہیں۔ طالب کے نام میں حرف (غ) کا
مؤکل لوحائیل ہے اور اس کے مطابق اسم باری زیور یہ یا غنی یا غفور اور بینہ نہیں ہے
حرف (ل) کا مؤکل طاطائیل ہے۔ اس باری زیور یہ یا لطیف ہے۔ اور بینہ یا وکیل۔
یا جلیل۔ یا عدل ہے۔ حرف (م) کا مؤکل ردمائیل ہے اور اسم باری تعالیٰ زیور یہ یا ممیت
یا مقیت۔ یا مجید۔ یا مجیب۔ یا مہیمن۔ یا مہیمن۔ یا محی۔ یا محصی یا مبدی۔ یا حلیم یا حکیم ہیں
حرف (ح) کا مؤکل تکئیل ہے۔ اسم خدا زیور یہ۔ یا حمید یا حسیب۔ یا حکیم یا علیم یا حق یا حی
ہے اور بینہ یا فتاح ہے۔ حرف (ی) کا مؤکل سرکیطائیل ہے۔ نام خدا تعالیٰ زیور یہ یا حی
دیمت ہے اور بینہ۔ یا قوی یا غنی یا حی وغیرہ ہیں۔

خیال کرنا چاہیے کہ ہم نے زیور یہ اور بینہ کو کس لیے لکھا ہے۔ استادوں نے اس کے بارے
میں لکھا ہے کہ اگر حرف کا مؤکل اسم باری تعالیٰ کے خلاف ہو تو زیور یہ کو ترک کریں اور بینہ
کو اختیار کریں۔ مثلاً حرف (خ) کہ اس کا مؤکل میکائیل ہے۔ پس باری تعالیٰ کا نام جدول
میں تلاش کرنے سے یا خافض نکلا اور حرف (خ) کا مؤکل تکئیل ہے پس زیور یہ
نام جدول میں تلاش کرنے سے یا (حفیظ) نکلا۔ اور یا حفیظ کا مؤکل سرحائیل دردائیل ہے
چنانچہ یا حفیظ۔ مؤکل کے مطابق نہیں ہے۔ وہ ترک کیا گیا۔ پھر تلاش کیا تو یا حکم نکلا کہ
زیور یہ ہے۔ اور تکئیل دردائیل مؤکل رکھنا ہے۔ ہر چند کہ یہ تمام مؤکل کے مطابق ہے
لیکن ترک کیا گیا۔ اور سب زیور یہ ناموں کو چھوڑ کر بینہ ہیں۔ یا فتاح اختیار کیا اور اس
میں فائدہ ہے کہ مطلوب کا اوّل حرف (ف) ہے اور (ا) ہے اور اسم طالب میں (ح) ہے
پس فتاح صرف (ت) زائد ہے اور باقی سب حروف طالب و مطلوب کے موجود ہیں اور
اس لحاظ سے غلبہ اسی نام میں پایا جاتا ہے۔ چنانچہ زیور یہ کو چھوڑ کر یہ اختیار کیا گیا۔ اس
قاعدہ عمل کے مطابق دیکھنا چاہیے کہ زیور یہ طالب و مطلوب کے مطابق حروف ہیں یا بینہ
میں ہیں۔ پس جس میں حروف کی فائدہ موافقت ہو اسی کو اختیار کریں۔ اور جب اسم مؤکل اور اسم باری
تعالیٰ و اسم طالب و مطلوب بقاعدہ تحکیر سر انجام کو پہنچیں تو اس کی عزیمت اس طرح تیار کریں
کہ مؤکل کے مطابق (ایک ایک اسم باری تعالیٰ کا لیں اور جو اسم باری تعالیٰ کے مؤکلوں کی مطابقت
میں زائد لکھے گئے ہیں۔ وہ صرف مثال دینے کے لیے لکھے گئے ہیں۔ مثال کے اسماء کی عزیمت
یوں تیار کی گئی ہے کہ حروف اسماء طالب و مطلوب میں جو حرف مکرر ہیں وہ ترک
کیے گئے پس یہ حروف رہ گئے۔

ن ف ی خ س ر ح ا م ل غ د و

یہ حرف تیرہ ہیں پس ان کے ثلاثی کلمہ بنائے گئے بارہ حرف ہوتے تو بآسانی
چار کلمے ثلاثی بن جاتے مگر ایک حرف زائد ہونے سے ایک کلمہ رباعی بنایا گیا اور اس کی صورت

Scanned by CamScanner

یہ ہے نفی خسر حاصل عدد یہ کھے مرکب کرنے کے بعد عزیمت یوں ہوتی۔

عزمت علیکم واقسمت بکم بکل اسم حامل من تکسیر ھذا الحروف نفی خسر حاصل عداد یا میکائیل ھٰذہٖ الحروف یا سرحا کیل یا مھکا ئیل یا اھا طیل یا اسرا فیل یا حو لا ئیل یا ھمو کیل یا رفنا ئیل یا وہ ا ئیل یا لو خا ئیل یا طا طا ئیل یا دو ما ئیل یا نکمیل یا سر کیطا ئیل من اسماء ربہنا وربکم والھنا والھکم وھو اسماء اللہ یا فتاح یا رء وف یا حافظ یا رحیم یا احد یا نافع یا سلام یا ودود یا شہید یا غنی یا لطیف یا مجید یا حمید یا قوی واسماء کم و الملٰئکۃ المقربین والارواح المقدس تتلقوہ تھجو قلب فخر النساء علی سر العطاء الوقعت والضر ھذا الحرف والعما وھذا سر مضا فی کل سال وزمان ومکان العمل العمل۔

اگر تسخیر کے لیے دعوز اس طرح لکھیں کہ حاصل ضرب عدد مربع حروف عاشقاً مجنوناً ماشیاً ابداً سرمداً۔ (تا آخر تک) اگر ضبط رکھنا کرے تو لازم ہے کہ حروف اسم باری کے عدد لکھ دے کیونکہ نام خدا بلا تامرین کو نہیں چاہیے۔ اور جتنی سطریں ہوں اتنے ہی خلیے تیار کرے۔ مثلاً اگر دس سطریں ہوں تو دس خلیے لکھے اور ہر ایک سطر سے مع عزیمت کے خلیہ تیار کرے پس مطلوب بحکم خدا ئے فراہم ہوگا۔

اے اہل ایمان اسی طرح باری تعالیٰ کے ننانوے نام کے جدا جدا اثر اور عجیب عجیب خاصیتیں ہیں اور ہر ایک نام ننانوے خاصیتیں رکھتا ہے۔ اگر ان کے عمل لکھے جائیں تو اس کے لیے ایک بڑے دفتر کی ضرورت ہے۔ اسماء جلالی کا ایک اسم ایک تیز تلوار کی مانند ہے اور اسماء جلالی مادر مہربان کی طرح مشفق ہیں۔ اگر ان اسماء کے پڑھنے میں پرہیز نہ ہو تو کچھ نقصان نہیں دیتے ہیں۔ اور لوٹ نہیں پڑتے ہیں لیکن جلالی اسماء کے پڑھنے میں پرہیز نہ ہو تو لوٹ پڑتے ہیں اور انسان کو مجنون اور مفلس بنا دیتے ہیں پس

ان اسماء میں تمیز کرنا چاہیے اور کسی کامل استاد سے دریافت کر کے عمل میں لانا چاہیے اصاغر چہ کتاب میں جو بات تشریح کر دی گئی ہے۔ مگر پھر بھی احتیاط لازم ہے۔

حکیم علی ضیاء

Scanned by CamScanner

طریقہ زکوٰۃ آیات وسور

طریقہ زکوٰۃ سورۂ یٰسین

سورہ مبارک کی زکوٰۃ اس طرح ادا کرنی چاہیے کہ سورہ مبارک زیر وزبر وغیرہ کا لحاظ نہایت صحت کے ساتھ کسی حافظ سے یاد کرنی چاہیے اور حافظ ہو جانے کے بعد احرام کے مہینوں رجب یا شعبان یا رمضان یا محرم الحرام میں ہر روز دریائے رواں کے کنارے جاکر غسل کرے اور دریا کے کنارے تنہا بیٹھ کر سورۃ یٰسین کی عزیمت ایک ہزار ایک مرتبہ اوّل و آخر درود شریف شامل کرکے پڑھیں سورہ مبارک کی عزیمت مع موکلوں کے لیے ہے عزمت علیکم برب یٰسین والجبرائیل والمیکائیل فانہ عزمت علیکم مخاتم سلیمان بن داؤد علیہما السلام الذی سخرلہ کل من علی اللہ صوبا صوبا باذن سبحانہ وتعالیٰ عما یصفون ۔

جب تمام ہو جائے تو چند بار درود شریف پڑھ کر دریا کے آب رواں میں جہاں ناف تک پانی ہو تن برہنہ جائیں اور سورہ یٰسین چالیس مرتبہ پڑھیں اور کسی چیز سے ہرگز نہ ڈریں اور اپنے گرد حصار کر لیں تاکہ عزیمت اور سورہ مبارک خاطر جمع ہو کر پڑھیں جب چالیس بار ہو جائے تو دریا سے باہر آئیں اسی طرح چالیس روز تک پڑھیں، لیکن اس عرصہ میں جلالی

پرہیز ضروری ہے۔ یعنی ترک لذات اور ترک حیوانات واجب ہے پس چلہ ختم ہونے کے بعد تمام اسرار باطنی سے واقف اور ہر چیز کے پورے عامل ہو جائیں گے۔ اکتالیسویں روز پیغمبرؑ کی نیاز اور چاروں موکلوں یعنی جبرئیل میکائیل اسرافیل عزرائیل علیہم السلام کی نیاز شیرینی پر کر کے تقسیم کریں۔

طریقہ زکوٰۃ سورۂ یٰسین مع موکلات

اگر منظور ہو کہ سورۂ یٰسین کے موکل دوست اور مطیع و فرماں بردار ہو جائیں اور اپنے آپ کو ظاہر و باطن حاضر کریں۔ پس اس سورۂ مبارک کو پہلے مبین یا دوسرے مبین تک یاد کریں۔ بعدہٗ ترک حیوانات کر کے ایسی مسجد میں جو چھت اور سایہ نہ رکھتی ہو عمل پڑھنے کی جگہ مقرر کریں اور پاکیزہ پوشاک مہیا کریں کہ عمل پڑھنے کے وقت وہ کپڑے جو پہنے ہوں اتار کر اس پوشاک کو پہنیں اور عطر ملیں کعبہ کی طرف منہ کر کے بیٹھیں اور جو دھونیاں میسر ہوں ان کو سلگائیں چنانچہ جگہ جگہ کو دھونیاں کی خوشبو سے معطر کر کے نماز مغرب کے بعد سورہ کو مبین اوّل پڑھیں پنجشنبہ کے دن سے ابتدا کریں پس ایک سو ایک بار وقت مذکور پر پڑھیں بعدہٗ موکلوں کی نیاز دے کر جس قدر وظیفہ پڑھا ہے اس کا ثواب حضور پیغمبرؐ کی روح کو پہنچائیں اور موکلوں کو بھی بخشیں اور پھر اُٹھ کھڑے ہوں لیکن شرط یہ ہے کہ ہر وقت کلمہ طیب زبان پر جاری رکھیں اور پانچوں وقت کی نماز نہ چھوڑیں جھوٹ اور فحش بکنے سے پرہیز کریں اور اگر ممکن ہو تو روزہ بھی رکھیں اور اگر نہ ہو سکے تو نہ رکھیں لیکن جب دوسرا پنجشنبہ آئے تو اس دن ضرور روزہ رکھیں خوشبو اور تھوڑی سی شرینی مہیا کر کے اپنے آگے رکھیں اور ایک سفید پاک چادر اپنے آگے مثل قبر کے بچھائیں اور اس کو آنحضرت کا روضہ مقدس تصور کریں اور اپنے آپ کو اس کا مجاور جانیں۔ وظیفہ نہایت نیاز اور گریہ وزاری کے ساتھ پڑھیں جب تمام ہو تو خواجہ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روح پاک کو اور موکلوں کے نام پر ثواب بخشیں اور قبر مطہر سے عرض کریں کہ میں چاہتا ہوں کہ اس سورۂ کے موکلوں مبین

Scanned by CamScanner

تک۔ میرے حوالے کیے جائیں اور مجھ پر اے رحمۃ اللعالمین اپنے کرم سے رحم فرمائیے اور رونے لگیں اس کے بعد اٹھ بیٹھیں اور چادر مبارک کو تہ کر کے جانماز کی طرح رکھیں اور اگر ہو سکے تو پنجشنبہ کے دن تین رکابی شیر برنج (کھیر) اپنے ہاتھ سے طہارت کے ساتھ تیار کریں۔ وظیفہ کے وقت نیاز دے کر ایک رکابی خود کھائیں اور رکابیاں دریا میں پنڈلی میں پانی میں جا کر چھوڑ آئیں انشاء اللہ تعالیٰ۔ ایک چلہ میں مؤکل عرب کی وضع میں دو شخص عمامہ متبرک کے ساتھ ایک دراز قد سبز رنگ ہوگا اور دوسرا سرخ رنگ مع سبز عمامہ کے طالب کے آگے اور لشپت کی طرف سے آگے کھڑے ہوں گے۔ اور کہیں گے کیا چاہتے ہو چنانچہ وظیفہ سے فارغ ہو کر عرض کریں کہ آپ سے دوستی اور ملاقات چاہتا ہوں۔ اور لازم ہے کہ جب سامنے آئیں تو سلام علیکم کہیں اور حضرت محمدؐ پر درود بھیجیں اور ان سے سوال کریں کہ جب میں آپ کو طلب کروں تو میرے حال پر توجہ و کرم فرمائیے اور جو فرمائش کروں اسے پورا کر دیجیے۔ پس جب وہ سوال قبول کر لیں اور چلہ تمام ہو گیا تو شیر برنج آخری دن تیار دیں اور بدستور اذل دریا میں پہنچائیں اور چلہ کو موقوف کریں لیکن ہر روز وقت معینہ پر اسی قدر سورہ یٰسین پڑھنا ضروری ہے اور پنجشنبہ کے دن جو میسر آئے اس پر مؤکلوں اور رسول مقبول کی نیاز مع خوشبو دل کے دیں۔ عامل ہونے کے بعد جب کبھی کوئی غرض لاحق ہو روشنی اور خوشبو تیار کر کے پڑھیں اور مؤکلوں کو طلب کریں اور اپنی غرض عرض کریں وہ انجام کو پہنچا دیں گے۔ زکوٰۃ کا جو طریقہ لکھا گیا ہے وہ کامل ہے اور اگر کسی مسلمان کو صرف ایک ہی حاجت ہو تو بغیر زکوٰۃ دینے کے عمل مذکور کو شروع کریں اور ایک چلہ کا ارادہ کریں پوری طہارت کے ساتھ اپنے مکان کی چھت، پر جو بے ساتھ ہو یا کسی مسجد میں ایک عطر کی شیشی جس میں بقدر ایک ماشہ کے عطر ہو روزانہ اپنے آگے رکھ کر ایک سو ایک بار ہر روز پڑھیں اور مؤکلوں کی نیاز دیں پنجشنبہ کے دن روزہ رکھیں اور چادر پاک سے قبر سطح تیار کر کے پڑھیں اور اپنی حاجت چاہیں جس دن کہ مؤکل خواب میں بصورت مذکورہ نظر آئیں گے صبح کو وہ حاجت پوری ہو جائے گی اور جب مطلب پورا ہو

جائے یعنی روزگار مل جائے پس اسی دن شیر برنج تیار کریں۔ اور پیغمبرؑ اور مؤکلوں کی نیاز دیں لیکن شیر برنج ایک کونڈا بھر ہو۔ اور جس قدر خود کھا سکیں کونڈے سے نکال لیں اور اسی جگہ کھالیں باقی کو دریا میں پہنچائیں جیسا کہ پہلے مذکور ہوا۔

زکوٰۃ سورۃ اخلاص

چار روز اذل سے گوشت ترک کرے اور ایک وقت کھانا کھائے آغاز ماہ روز پنجشنبہ سے شروع کرے۔ یہ عمل پندرہ روز میں ہوگا۔ تاکہ حصول عمل روٹی آرد گندم کی بلا نمک کھائے اور زمین پر سویا کرے صبح کے وقت اسپند اور عود جلایا کرے۔ ایک ہزار بار سورہ اخلاص پڑھ کر دو رکعت نماز ادا کرے اور بعد نماز پھر ایک ہزار بار اخلاص پڑھے بعد دو بجے دن کے ایک ہزار بار اخلاص پڑھے پھر شام کو ایک ہزار بار اخلاص پڑھے۔ پھر آٹھ بجے رات کو ایک ہزار بار اخلاص پڑھے پھر ۱۲ بجے رات کو ایک ہزار بار اخلاص پڑھے۔ اس طور سے رات دن بعد ادائے نماز چھ ہزار بار پڑھا کرے لیکن اسپند اور عود برابر جلاتا رہے جب سو بار سورہ اخلاص پڑھ لے ایک بار یہ اعتصام پڑھا کرے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُخْلَصِيْنَ بِحُرْمَةِ سُوْرَةِ اِخْلَاصٍ وَيَسِّرْ لِيْ مَا يُلْتَمَسُ مِنَ الْخُدَّامِ الشَّرِيْفَةِ وَالْمَذْهَبِ الْمُصِيْبَةِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ۝ چودہ روز تک اس طور سے پڑھے پندرھویں روز جمعہ کو پندرہ ہزار بار اخلاص حسب طریق ہذا پڑھ کر سو بار یہ دعا پڑھے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ يَا حَنَّانُ اَنْتَ الَّذِيْ رَحِمْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَحْمَةً وَّعِلْمًا بعدہ سو بار یہ دعا بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ اَنْ تُسَخِّرَ لِيْ خُدَّامَ هٰذِهِ السُّوْرَةِ الشَّرِيْفَةِ الْمَقْبُوْلَةِ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔ اس کا مؤکل حاضر ہوگا اور اپنا نام ظاہر کرے گا اور فرماں برداری قبول کرے

Scanned by CamScanner

گا۔ اگر حاضر نہ ہو تو ورد جاری رکھے ترک نہ کرے بفضلہ تعالیٰ ۴۵ روز میں ضرور حاضر ہوگا۔

طریقہ زکوٰۃ اللہ الصمد

اللہ الصمد! جب یا اسرافیل یا درد ائیل۔ اللہ الصمد جلالی ہے اس کے مؤکل سخت مزاج ہیں۔ اور دعوت بغیر ادا کیے لطف اس کے پڑھنے کا نہیں۔ زکوٰۃ کے بعد اس کے ہر دو مؤکل اپنے عامل کے مطیع اور فرمانبردار ہو جاتے ہیں۔ درمیان زکوٰۃ کے احتیاط ہر طرح کی رکھنا چاہیے خورد و نوش اور پاکی و صفائی ضروری لازم ہے اوّل سوا لاکھ بار نذر اللہ پڑھے۔ دوئم سوا لاکھ بار پڑھ کر ہدیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کرے۔ سوئم سوا لاکھ بار اصحاب کبار و اہل بیت اطہار و شہدائے کربلا و دوازدہ امام و جناب سلطان الاولیا حضرت پیران پیر دستگیر و آفتاب ہند خواجہ معین الدین چشتی و ہمہ اولیاء و ہمہ پیران قادریہ و چشتیہ و نقشبندیہ و سہروردیہ و ہمہ استادان کو بخشے۔ چہارم سوا لاکھ بار جمیع مسلمانان کو بخشے تاکہ سب کام دینی و دنیاوی حاصل ہوں اور مرتبہ ولایت میں پہنچے۔ کل پانچ لاکھ بار کی پڑھائی ہے پھر جہاں نظر کردہ بھی کیمیا ہوگی جو کچھ دل میں ہوگا جلد حاصل ہوگا۔ یہ اسم بھی اسم اعظم ہے جب پانچ لاکھ بار پڑھ چکے بحضور خداوند تعالیٰ عرض کرے یا اللہ یہ جو کچھ میں نے پڑھا ہے اس کو قبول فرما اور جمیع حاجات دینی و دنیاوی میری برلا۔ بعدہ ہر روز ۶۳ بار پڑھا کرے تاکہ زکوٰۃ فاسد نہ ہو جائے۔

طریقہ زکوٰۃ سورۂ مزمّل

عروج ماہ میں بدھ جمعرات اور جمعہ کو روزہ رکھ کر بدھ کی رات کو بعد نماز عشاء قبل وتر سر برہنہ کھڑا ہو کر اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر ساٹھ بار سورۂ مزمل شریف کی تلاوت کرے اسی طرح جمعرات کی رات کو چالیس بار اور جمعہ کی رات کو تیس بار پڑھے ہفتہ کے دن علی الصباح تین پاؤ شیرینی اللہ کی راہ میں تقسیم کرے۔ یہ اس کی زکوٰۃ ہوئی۔ اب بعد زکوٰۃ کے جس کام کے واسطے ضرورت ہو عروج ماہ میں سات روز تک سورہ مزمل شریف سات بار

اسی ترکیب سے جو اوپر بیان ہوئی پڑھے۔ انشاء اللہ وہ حاجت پوری ہوگی مگر حب کے واسطے بروقت تلاوت مصری اپنے منہ میں رکھے اور مطلوب کا تصور کرے اور ہلاکت دشمن کے واسطے بجائے عروج کے نزول ماہ میں پڑھے اور بروقت تلاوت کے کالی مرچ یا نیم کا پتہ اپنے منہ میں رکھے اگر بعد زکوٰۃ کے ہمیشہ ہر نماز کے بعد دوبارہ سورہ شریف کو پڑھ لیا کرے گا تو بہت فائدہ ہوگا۔

طریقہ زکوٰۃ سورۂ مزمل مع مؤکلات

شرائط چلہ کی موافق تنہا و محفوظ پاک جگہ کا انتظار کرے اس مہینے سے کہ جس مہینے کی پہلی تاریخ اتوار کی ہو ترک جلالی و جمالی کے ساتھ یہ عمل شروع کرے۔ یہ عمل تین چلہ تک پڑھا جائے گا۔ اور ہر چلہ بائیس روز کا ہوگا۔ اگر تینوں چلے برابر ادا کرے تو بہت بہتر ہے ورنہ درمیان میں کچھ فاصلہ دے کر پڑھے۔ اثنائے چلہ میں ایک تو صبح کی نماز قضا نہ کرے دوسرے اثنائے چلہ میں اگر کوئی شخص خواہ وہ اپنا دوست ہو یا بھائی یا رشتہ دار اگر کچھ دے تو ہرگز نہ لے اگر لے گا تو عمل ٹوٹ جائے گا کیونکہ اصل میں اس عمل کے مؤکلات مختلف صورتوں میں آکر دھوکہ دیتے ہیں اور ان کے دھوکے میں نہ آئے تیسرے بروقت تلاوت عمل کے بھی یہ خیال رکھے کہ اگر کوئی شکل مثل شیر وغیرہ کے پیدا ہو تو اس سے ہرگز خوف نہ کھائے۔ اگر وہ منہ ڈالے تو اس کے منہ میں کوئی شے جو پہلے سے اپنے پاس رکھی ہو ڈال دے خواہ وہ شے قسم نقدی سے ہو یا کھانے کی کوئی شے ہو غرضیکہ اس کے منہ کھولنے پر کسی شے کا ڈالنا ضروری ہے۔ علاوہ ازیں اور احتیاطیں جو اثنائے چلہ میں عامل کے واسطے ضرور ہیں ان کا پابند رہے اور نہایت احتیاط رکھے کیونکہ یہ سورۂ مزمل شریف یا مؤکل کا عمل ہے اگر بے احتیاطی کرے گا تو نقصان ہوگا طریق عمل یہ ہے کہ شروع عمل سے پیشتر غسل کرکے ایک پاک کپڑے سے جو بلا دوختہ اور معطر ہو احرام باندھ کر بخور خوشبو روشن کرکے مصلے پر بیٹھ کر عمل ہذا شروع کرے پہلے دن

Scanned by CamScanner

سورہ شریف ایک بار پڑھے دوسرے دن دو بار علیٰ ہذا روزانہ ایک بار پڑھتا جائے یہاں تک کہ گیارھویں دن گیارہ بار پڑھے جب بارھواں دن ہو تو اس دن سے ایک ایک کم کرنا شروع کردے یعنی بارھویں دن دس بار تیرھویں دن نو بار یہاں تک کہ بائیس دن وہی ایک بارہ رہ جائے یہ ایک چلہ ہوا۔ اسی طرح تین چلے تک پڑھے۔ احرام صرف برقت تلاوت باندھے بعد وہ علیحدہ کر کے دوسرے کپڑے پہن لے جب چلوں سے فارغ ہو جائے تو سورہ شریف روزانہ ایک بار پڑھ لیا کرے تین چلوں کو پورا کرنے کے بعد اگر زکوٰۃ موافق شرائط کی ادا ہو گئی ہے تو انشاء اللہ اپنے تئیں طرح کے موافق فتوحات اس کی مل جائے گی یعنی ایک یا دو روپیہ روز مقرر ہو جائیں گے۔

اب اور دیگر فوائد حاصل ہونگے سورہ شریف کی تلاوت حسب ذیل طریقہ سے ہونی چاہیے۔

یَا اِسْرَافِیْلُ بِحَقِّ شَمْهُوْطَنْشَا بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ یٰۤاَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ قُمِ الَّیْلَ اِلَّا قَلِیْلًا ۝ نِّصْفَهٗۤ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِیْلًا ۝ اَللّٰهُ اِلٰهُ الرَّفِیْعُ جَلَالُهٗ یَا اِسْرَافِیْلُ بِحَقِّ مَعْدُوْسَنْ سات بار اَوْ زِدْ عَلَیْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِیْلًا ۝ اِنَّا سَنُلْقِیْ یَا دَرْدَائِیْلُ بِحَقِّ حَمُوْنَا عَلَیْكَ قَوْلًا ثَقِیْلًا ۝ اِنَّ نَاشِئَةَ الَّیْلِ یَا تُوْمَائِیْلُ بِحَقِّ صَلْحُوْنَا هِیَ اَشَدُّ وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِیْلًا ۝ یَا تَكْفِیْلُ بِحَقِّ سَخْرَةَ اِنَّ لَكَ فِی النَّهَارِ سَبْحًا طَوِیْلًا ۝ یَا رَفْتَمَائِیْلُ بِحَقِّ فَجَرْكُوْ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ اِلَیْهِ تَبْتِیْلًا ۝ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ یَا اَمْوَاكِیْلُ بِحَقِّ هَمْقَفْتُوْنَا لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِیْلًا ۝ یَا هَیْجَمَائِیْلُ یَا هَیْجَمَائِیْلُ یَا هَیْجَمَائِیْلُ یَا هَیْجَمَائِیْلُ بِحَقِّ كٓهٰیٰعٓصٓ دَرْفَشْ خَشْدًا وَّاصْبِرْ عَلٰی مَا یَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِیْلًا ۝ یَا جِبْرَائِیْلُ بِحَقِّ تَسْتَطِیْعُ وَذَرْنِیْ وَالْمُكَذِّبِیْنَ اُولِی النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِیْلًا ۝ اِنَّ لَدَیْنَاۤ یَا رُوْهَائِیْلُ بِحَقِّ یَا وَاهُ اَنْكَالًا وَّجَحِیْمًا وَّطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّعَذَابًا اَلِیْمًا ۝ یَا جِبْرَائِیْلُ بِحَقِّ اخْشَقْفْ یَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِیْبًا مَّهِیْلًا ۝ اِنَّاۤ اَرْسَلْنَاۤ اِلَیْكُمْ رَسُوْلًا شَاهِدًا عَلَیْكُمْ كَمَاۤ اَرْسَلْنَاۤ اِلٰی فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا ۝ فَعَصٰی فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ فَاَخَذْنٰهُ اَخْذًا وَّبِیْلًا ۝ یَا كَلْكَائِیْلُ بِحَقِّ مُنْتَظِرٌ ۝ فَكَیْفَ تَتَّقُوْنَ اِنْ كَفَرْتُمْ یَوْمًا یَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِیْبًا ۝ السَّمَآءُ مُنْفَطِرٌ بِهٖ ۝ كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا ۝ یَا جُوْلَائِیْلُ بِحَقِّ دِیْنُوْنِیْ اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۝ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰی رَبِّهٖ سَبِیْلًا ۝ یَا رُوْهَائِیْلُ بِحَقِّ عَصَاجُوْ اِنَّ رَبَّكَ یَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰی مِنْ ثُلُثَیِ الَّیْلِ وَنِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ مِّنَ الَّذِیْنَ مَعَكَ ۝ وَاللّٰهُ یُقَدِّرُ الَّیْلَ وَالنَّهَارَ عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَیْكُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَیَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ۝ عَلِمَ اَنْ سَیَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰی فَلَا تُخَیِّبْنِیْ یَا ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ۝ یَا مَنْ قَدَرَ الَّیْلَ وَالنَّهَارَ فَقْضِ حَاجَتِیْ فَاِنَّكَ قَادِرٌ عَلَیْنَا وَاَنْتَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ یَا عِزْرَائِیْلُ بِحَقِّ لَتَرْغَبَنِیْ وَاٰخَرُوْنَ یَضْرِبُوْنَ فِی الْاَرْضِ یَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاٰخَرُوْنَ یُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاقْرَءُوْا مَا تَیَسَّرَ مِنْهُ وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ۝ یَا تُوْهَائِیْلُ بِحَقِّ هَمْنُوْنَ وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَیْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ ۝ هُوَ خَیْرًا وَّاَعْظَمَ اَجْرًا ۝ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ۝ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝

طریقہ زکوٰۃ آیۃ الکرسی

بعد نماز عشاء قبل از وتر دو رکعت نوافل پڑھ کر اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف اور اکتالیس بار آیت الکرسی چالیس روز تک بطور زکوٰۃ پڑھے۔ بعد زکوٰۃ ہمیشہ گیارہ بار آیۃ الکرسی پڑھا کرے ناغہ نہ کرے اور گیارہ بار سنت و فرض نماز کے درمیان پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کرے۔

زکوٰۃ آیۃ یونس

لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ۔ اول آخر گیارہ بار شب پنجشنبہ سے شروع کرے ایک نہار دو سو پچاس

Scanned by CamScanner

بار پڑھے بعد نماز عشاء یہ اس کی زکوٰۃ ہے۔ اب شب جمعہ سے ہفتہ تک برابر بعد نماز عشاء اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف اور ایک سو چھبیس بار آیۃ الکرسی پڑھے اگر بیت الخلاء نہ ہو چالیس روز تک پڑھے۔

زکوٰۃ چہل کاف

ترک حیوانات حلالی و حرامی کرے۔ بجز شربت شکر وہ ترک کرے ہر روز بلا ناغہ پاک پانی سے غسل کرے۔ کپڑے پاک و صاف سفید پہنے اگر ممکن ہو تو روز دو جوڑے نہ ہفتہ میں بدلے خوشبو روز لگائے ہر وقت باوضو یا طہارت رہے۔ جھوٹ نہ بولے اور بغیر ضرورت بات نہ کرے زمین پر سوئے تنہا ایک صاف مکان میں رہے نماز فریضہ کا پابند رہے۔ اگر کوئی مسجد قریب ہو تو جماعت کا پابند رہے۔ روزانہ حسب حیثیت کچھ خیرات کرے چند پرند جانور خرید کر اپنے ہاتھ سے رہا کر کے چھوڑا کرے نیت اور اعتقاد درست کرے۔ تذبذب میں نہ رہے اور قبولیت دعا دل میں تک رکھے تنہا ایک ہی جگہ بیٹھے پر چالیس روز تک بلا ناغہ ایک ہزار بار روز پڑھا کرے ناغہ ہرگز نہ ہونے پائے اگر بعد کسی سبب سے ناغہ ہو جائے تو پھر از سر نو شروع کرے نو چندی شب جمعہ سے عمل شروع کرے عمل پڑھنے سے پہلے دو رکعت نماز نفل روز پڑھ لیا کرے اور عشاء کی نماز کے بعد ایک وقت مقررہ پر بعد پڑھا کر عمل شروع کرنے سے پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف اول و گیارہ مرتبہ آخر پڑھنا چاہیے اور دعا بھی دیر تک بڑے خضوع و خشوع سے مانگنی چاہیے اور پھر کسی سے بغیر بات کیے سو جانا چاہیے جو حالات خواب میں یا بیداری میں نظر آئیں۔ اس کو سوائے مرشد یا کسی بزرگ دوست نزدیک دل کے کسی سے ذکر نہ کرے۔ اثنائے عمل میں خواب یا بیداری میں خوفناک صورتیں نظر آئیں تو ڈرے نہیں اور اگر وہ لوگ گفتگو کرنا چاہیں تو بولے نہیں جب بالکل پرانتم ہو جائے تو اکتالیس بار روز مرہ بار بعد نماز مغرب یا عشاء یا فجر پڑھنا رہے۔ اس کے بعد جس مطلب کے واسطے پڑھے گا بفضلہ تعالیٰ پورا ہوگا۔

چہل کاف

نوٹ: میں جہاں کاف یا مرکل یا نیر مرکل لکھا جاتا ہے عامل کو اختیار ہے چوچاہے پڑھے لیکن یا مرکل پڑھنا زیادہ بہتر ہے۔

مع مؤکلات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَبَرْسَا سَبَرْسَا سَيْبَسَا اَخْبَرْسَا يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ السُّهَيْرِ مِنْ كُلِّ عَقْرَبٍ وَّحَيَّةٍ كَفَاكَ رَبُّكَ كَمْ يَكْفِيْكَ وَاكِفَةٌ (بعض نسخوں میں وَّآبَا ہے) يَكْفِكَا فَمَا يَكْفِيْكَ بِحَقِّ كَنْكَائِيْلَ كَافِيْنَ كَانَ مِنْ كُلِّكَا بِحَقِّ يَا هَمْزَائِيْلَ نَكُرْ كَرْ كَهِيْعَصَ انْكَرْ بِحَقِّ يَا رُوْدَائِيْلُ فِيْ كَبِدٍ تَخْلِيْ مُشْكِشْكَةٍ بِحَقِّ يَا رُوْطَائِيْلَ كَلْكَلَكَ بِكَكَا بِحَقِّ يَا دَرْدَائِيْلَ كَفَاكَ الْكَافَ كُوْبَتَهْ يَا اَهْوَا كَيْلَ بِحَقِّ شَيْخِ عَبْدُ الْقَادِرِ جِيْلَانِيْ مَحْبُوْبِ سُبْحَانِيْ شَيْئًا لِلّٰهِ يَا حَكِيْمُ يَا كَرِيْمُ يَا حَافِظُ يَا رَقِيْبُ يَا وَكِيْلُ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ بِحَقِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ يَا بَدِيْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَيْرِ شَيْخُ صَلَاحُ الدِّيْنِ سَفِيْدَ فِيْلَ سَوَارُ بَرْهَنَهْ تِيْغ

بغیر مؤکلات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ كَفَاكَ رَبُّكَ كَمْ يَكْفِيْكَ وَاكِفَةٌ يَكْفِكَا فَمَا يَكْفِيْكَ كَلِمَةٌ كَانَ مِنْ كُلِّكَ تَكْرُ كَرْ اَنْكَرْ فِيْ كَبِدٍ فِيْ تَخْلِيْ مُشْكِشْكَةٍ هَلْ لَكَ اَلْكَا كَفَاكَ مَا بِيْ كِفَاكَ مَا بِيْ كِفَاكَ كُوْبَتَهْ يَا كَوْكَبًا كَانَ تَخْلِيْ كَبَ الْفَلَكَا۔

فوائد چہل کاف

برائے برکت خانہ کاغذ پر لکھ کر خانہ میں رکھے

برائے رفع امراض سات روز تک مریض پر پڑھ کر پھونکے اور تعویذ بنا کر بازو پر باندھے۔

برائے دفع سنگریزہ و ضعف معدہ لکھ کر نہار منہ کھائے۔

Scanned by CamScanner

برائے درد کمر روئی پر پھونک کر چل کاف شریف کو کھائے۔

برائے آسیب۔ کسی عورت کو آسیب کا خلل ہو اور قے آتی ہو اس کا چل کاف شریف سات مرتبہ پڑھ کر پھول سنگھائے۔

برائے اماہیگی قرض غسل کر کے ۱۲ بار روز چل کاف شریف پڑھا کرے۔

چاروں طرف پڑھ کر چل کاف شریف پھونکے تو ڈری غلام بھاگا ہوا آجائے گا۔

برائے درد شکم درد کمر لکھ کر اور تعویذ بنا کر کمر میں باندھے۔

برائے تسخیر حاسد ریشمی کپڑے پر لکھ کر بازو پر باندھے۔

برائے مہربانی حاکم ظالم۔ سات مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر کے حاکم ظالم کے روبرو جائے۔

برائے اطاعت محبوب۔ کبوتر کے خون سے لکھ کر جس کو چاہتا ہو اس کے گھر میں گاڑ دے۔

برائے عداوت و نفاق۔ کھاری نمک پر پڑھ کر سات مرتبہ جس کے گھر میں ڈال دے اس گھر میں روز بروز نفاق و عداوت بڑھے گی مگر ایسا کرنا ٹھیک نہیں کرنے والے کو کسی دوسری طرح سے اس کی سزا ملتی ہے۔

برائے تپ دلرزہ لکھ کر اور تعویذ بنا کر تپ لرزہ والے کے بازو پر باندھے۔

اگر کوئی شخص راستہ بھول گیا ہو تو اس کو چاہیئے سات مرتبہ چل کاف شریف پڑھے۔

برائے رفع سُرخی چشم۔ پڑھ کر سات مرتبہ دم کر دے۔

برائے زیادتی موئے سر۔ سات مرتبہ پڑھ کر اور کنگھی پر دم کر کے سر میں کنگھی کرے۔

برائے آسیب زدہ۔ کڑوے تیل پر سات مرتبہ پڑھ کر جان پر ملیں۔

برائے درد سر لکھ کر تعویذ بنا کر سر میں باندھے۔

برائے زیادتی روشنی چشم۔ شب جمعہ کو پیپل پر سات مرتبہ پڑھ کر آنکھوں میں لگائے۔

برائے درد دنداں دگردان دکھو۔ لکھ کر اور تعویذ بنا کر باندھے۔

برائے دفع درد ہفت اندام۔ جوڑوں میں درد ہو تو ہرن کی جلی پر لکھ کر اور تعویذ بنا کر بازو پر باندھے۔

برائے دفع بواسیر خونی باری پوست گربہ پر لکھ کر گلے میں باندھے۔

برائے تپ دق۔ پیتل کی نشتری سفید رنگ پر لکھ کر سات دن تک برابر پانی سے دھو کر پلائے۔

برائے درد شکم۔ سات مرتبہ نمک پر پڑھ کر دم کرے اور درد شکم والے کو کھلائے۔

برائے مقہوری دشمن شب دوشنبہ کو پرانی قبر میں بیٹھ کر ۳ بار پڑھے دشمن تباہ ہو گا مگر خواہ مخواہ ذرا سی ناراضگی پر ایسا نہ کرے سخت ضرورت کی لاچاری میں ایسا کرے ورنہ جہاں تک ممکن ہو صبر کرے اور اللہ کے سپرد کرے۔

برائے مہربانی بادشاہ۔ لکھ کر پگڑی میں رکھے اور بادشاہ کے روبرو جائے انشاء اللہ مہربان ہو گا۔

برائے رہائی قیدی۔ گیہوں کی روٹی پر لکھ کر قیدی کو کھلائے۔

برائے شفائے مریض بشنگرف سے لکھ کر مریض کو کھلائے۔

برائے فرزند نرینہ سیاہی سے لکھ کر ایام ماہواری سے فارغ ہونے کے بعد مریض کو کھلائے اور صحبت کرے۔

برائے دفع احتلام دو سو سے شیطانی۔ شب یک شنبہ کو دس مرتبہ ہمیشہ پڑھا کرے۔

برائے دفع مرگی۔ بکری کے خون سے چپل کے پتہ پر لکھ کر چالیس دن مرگی والے کو پلائے اور سات مرتبہ اس پر پڑھ کر بلا ناغہ دم کیا کرے۔

Scanned by CamScanner

برائے رتوندی چشم۔ آنکھ پر سات دفعہ روز پڑھ کر دم کرے۔
برائے بادشکم، سات مرتبہ پانی پر پڑھ کر دم کرے اور پلائے۔
اس دعا چہل کاف شریف کے سات بار ہمیشہ پڑھنے سے عزیز خلائق ہوگا۔
برائے فتح یابی مقدمات عدالت میں جاتے وقت چہل کاف شریف سات مرتبہ پڑھ کر عدالت میں جانا چاہیے اور وہاں پہنچ کر پھر سات مرتبہ پڑھنا چاہیے اور پھر حاکم کے روبرو جاتے وقت سات بار پڑھ کر اور اپنے اوپر دم کر کے سامنے جانا چاہیے۔
انشاء اللہ مقدمہ میں کامیاب ہوگا۔

حکیم علی ضیاء

دوسرا باب

اسماء حسنیٰ

اسماء حسنیٰ	معنی اسماء	اعداد	جلالی جمالی مشترک	مراکیل	عناصر
الملک	بادشاہ مطلق	۹۰	مشترک	یاحوہ ائیل رحمائیل	خاکی
القدوس	بادشاہ پاک	۷۰	جمالی	یاہزائیل عطرائیل	آبی
السلام	ہمیشہ قائم و بے عیب	۱۳۱	ایضاً	یارو حائیل ہمراکیل	بادی
المؤمن	بے خوف کرنے والا	۱۳۶	جمالی	یارہ مائیل حوائیل	آتشی
المہیمن	سچا گواہ	۱۴۵	جمالی	یاکلکائیل سرکیکائیل	آتشی
العزیز	غالب	۹۴	جمالی	یالومائیل عزرائیل	آتشی
الجبار	روز کرنے والا	۲۰۶	جلالی	یاکلکائیل عطرائیل	آتشی
المتکبر	صاحب غرور	۶۶۴	جلالی	یارحمائیل سرائیل	خاکی
الخالق	پیدا کرنے والا	۷۳۱	جلالی	یاسیکائیل خورائیل	خاکی
الباری	پیدا کرنے والا	۲۱۳	مشترک	یاجبرائیل اہزالمیل	آتشی
المصور	صورت کا نقش کرنے والا	۳۳۶	جمالی	یااہمائیل حاکیل	آتشی
الغفار	بخشنے والا	۱۲۸	جمالی	یالوخائیل رحمائیل	آتشی
القہار	غضب کرنے والا	۳۰۶	جلالی	یادرداٰئیل عطرائیل	خاکی
الوہاب	بخشنے والا	۱۴	جمالی	یارخمائیل مہرئیل	خاکی

Scanned by CamScanner

اسماء حسنیٰ	معنی اسماء	اعداد	جلالی/جمالی	موکلین	عناصر
الرزاق	روزی دینے والا	۳۰۸	جمالی	یا اسرافیل عرجائیل	آتشی
الفتاح	کھولنے والا	۴۸۹	جمالی	یا سرخائیل تکفیل	آتشی
العلیم	جاننے والا	۱۵۱	جمالی	یا روحائیل رصائیل	خاکی
القابض	تنگ کرنے والا	۹۰۳	جلالی	یا مطرائیل صلکائیل	باری
الباسط	کھولنے والا	۷۲	جمالی	یا جبرئیل اسمائیل	باری
الرافع	اٹھانے والا	۳۴۸	جمالی	یا سرحائیل نرمائیل	باری
صَرِیْحِہِمْ وَمَکْرُوْہِ ذَخَائِرِہِمْ مَعَاذَہٗ یا حَیُّ یا قَیُّوْمُ پڑھے۔ اسی طرح گیارہ بار سورۂ مزمل شریف پڑھے بعد چلّہ کے ہمیشہ ورد رکھے۔

عمل دستِ غیب

اوّل بطور زکوٰۃ کے گیارہ مرتبہ اللہ الصمد جب یا عزرائیل یا اور وائیل یا مدد کا میل پڑھ کر ہر روز گیارہ تسبیح پڑھا کرے چند ہفتوں میں فتوحات ہوگی۔

عمل سورۂ فاتحہ

یہ تسخیر کے لیے ہے۔ عروج ماہ میں اتوار کے دن اور بہتر یہ ہے کہ جمعہ کی رات اور ہفتے کے دن غسل کر کے پاک کپڑے پہنیں اور جس قدر خوشبو اور بخورات مل سکیں مہیا کریں دو روغنی روشنیاں جلائیں اور ان پر دو شیریں لڈو رکھیں۔ اور مطرد خوشبودار ہوا لے کر آدھی رات کے وقت دریائے رواں کے کنارے جائیں اور ایسی جگہ بیٹھیں کہ آدمیوں کی آواز نہ پہنچے اور کوئی معترض حال نہ ہو پس تمام چیزیں اپنے رُو برو رکھ کر بخورات سلگائیں اور سورۂ یٰسین و آیت الکرسی کا حصار کریں۔ اس طرح کہ انگوٹھے سے اپنے گرد حلقہ کھینچ لیں۔ پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور ایک ہزار ایک مرتبہ سورۂ الحمد مع اسماء و مؤکلات پڑھیں پڑھتے وقت اگر کوئی صورت یا کوئی چیز نظر آئے تو ہرگز خوف دل میں نہ کریں اور جو چیزیں ان میں سے پاس رکھی ہیں اگر کوئی شخص کچھ طلب کرے تو حصار کے اندر سے حوالے کریں اور تمام وظیفہ ختم کرنے کے بعد شیرینی اور روٹی میں سے جو کچھ ہو اُسی جگہ کھا لیں۔ انشاء اللہ آٹھویں یا ساتویں روز بہار حسین و جمیل عورتیں عمدہ لباس اور آرائش کے ساتھ آئیں گی اور اُس سے راز و نیاز کریں گی لیکن وظیفہ تمام کیے بغیر اُن کی طرف راغب نہ ہو۔ وظیفہ تمام کرنے کے بعد جو کچھ منظور ہو ان عورتوں سے باتیں اور اپنے لیے روزینہ جس قدر کہ ایک دن میں صرف کر سکتے ہوں مقرر کرا لیں ہمیشہ تمام عمر پہنچائیں گی انشاء اللہ تعالیٰ اور اگر سات روز کے عرصہ میں عورتیں حاضر نہ ہوں تو چودہ دن کے عرصہ میں حاضر ہوں گی ورنہ اکیس دن میں حاضر ہوں گی پڑھنے کو ترک کریں مجرب ہے۔ عامل کو چاہیے کہ پوری پوری تدبیر کے ساتھ بیسار خطا کیا ہے عمل کریں مشقت ہرگز ضائع نہ جائے گی۔ جوانات و لذات کو ترک کرنا ضرور ہے۔ اور الحمد کی ترکیب یہ ہے۔ الحمد للہ رب العالمین الرحمٰن الرحیم یا حی یا قیوم یا رؤف یا عطوف مالک یوم الدین یا قادر یا مقتدر یا علیم یا حکیم یا علیم غیر المغضوب علیھم ولا الضالین۔ آمین

رفع افلاس کیلئے

اگر کوئی شخص محتاج ہو تو اس آیت شریفہ کو پنجگانہ نماز میں گیارہ بار درود شریف اوّل و آخر شامل کر کے ہمیشہ پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تھوڑے ہی عرصہ میں تنگدستی رفع ہو جائے گی

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ عروج ماہ میں اتوار کے دن سے علی الصباح اُٹھ کر ایک پاک لنگی باندھ کر غسل کریں۔ وہی تر لنگی پہنے ہوئے آفتاب کی جانب رُخ کر کے کھڑے ہوں اور اس آیت شریفہ کو اکیس مرتبہ (ان شاء اللہ وھو العلی العظیم) کے پڑھیں اور آفتاب کی طرف ہاتھ نظر کریں (ای آیت آفتاب عالمتاب جہاں تاب آنچہ کراز طلوع نست بمابرہ) بھول و قوت اپنی بیالیس دن کے عرصہ میں شخص مالدار ہو جائے گا اگر ہو سکے تو ایسر ہونے کے بعد بھی یہ عمل جاری رکھیں اور اگر موقوف کریں گے تو دولت کم ہو جائے گی مجرب ہے یہ معظم یہ ہے،

من ضاق علیہ بجعل لہ مخرجا و یرزقہ من حیث لا یحتسب ومن یتوکل علی اللہ فھو حسبہ ان اللہ بالغ امرہ ط قد جعل اللہ لکل شئ قدرا ط

ادائے قرض کے لیے

باوضو چت لیٹ کر آیت الکرسی ایک سو ستر بار مع اوّل و آخر درود شریف کے پڑھے۔

Scanned by CamScanner

اللہ تعالیٰ قرض ادا کر دے گا۔

ادائے قرض کے لیے

جو شخص مقروض ہو اور کوئی شکل ادائے قرضہ کی نہ ہو اُس کو چاہیئے کہ چالیس روز تک برابر روزانہ چالیس بار سورۂ مزمل شریف بہ نیت ادائے قرضہ ورد کرے اوّل و آخر درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ اُس کے قرضے ادا ہونے کا سامان غیب سے پیدا ہوگا۔

ادائے قرض کیلئے

بعد نماز صبح ستّر بار اللہ الصمد مع القل و آخر درود شریف ۱۱ ۱۱ بار پڑھا کرے۔ اللہ تعالیٰ اس کا رزق کشادہ کرے گا اور قرض ادا ہوگا۔

دوکان کی ترقی کیلئے

۷۵۶

۱۳۵	۱۳۳	۱۳۰	۱۳۷
۱۳۱	۱۲۹	۱۲۱	۱۳۳
۱۲۷	۱۲۵	۱۳۶	۱۳۳
۱۳۳	۱۲۳	۱۳۴	۱۳۹

دوکان کی ترقی و خرید و فروخت زیادہ ہونے کے لیے روز قمر بارہ روز شمس میں یا زہرہ بارہ روز مشتری میں طلوع آفتاب سے پہلے اس نقش کو لکھیں اور دوکان میں رکھیں۔ انشاء اللہ خرید و فروخت بہت ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

دوکان کی کامیابی کیلئے

اگر کسی کی دوکان چلتی ہو اور خاطر خواہ کم ہوتا ہو تو اس آیت کو دو برزوں پر لکھ کر ایک کو دوکان میں چسپاں کر دے اور ایک کو اسباب میں رکھ دے انشاء اللہ دوکان خوب چلے گی خریدار بہت آئیں گے۔ اگر کسی نے بند کر دی ہو گی تو کھل جائے گی۔ آیت یہ ہے: ھوالذی مدالارض وجعل فیھا رواسی وانھارا ومن کل الثمرات جعل فیھا زوجین اثنین یغشی اللیل النھار ان فی ذالک لآیات لقوم یتفکرون ۵

سرسبزی باغ و زراعت کیلئے

زراعت کی پیداواری اور باغ میں بکثرت میوہ آنے کے لیے اور غلّہ بہت پیدا ہونے کے لیے باغبانت کی حفاظت کے لیے۔ باغ و زراعت میں اس آیت کو لکھ کر دفن کرے یا پانی دھو کر اور بہت سے پانی میں ملا کر تمام زمین پر چھڑکے انشاء اللہ زراعت اور میوہ بہت ہوگا۔ اور بچی بردم کر کے بیج کو بوئیں غلّہ بے حد پیدا ہوگا۔ آیت یہ ہے: واٰیۃ لھم الارض المیتۃ (یاکلون تک) وجعلنا فیھا جنت من نخیل واعناب وفجرنا فیھا من العیون لیاکلوا من ثمرہ (یشکرون تک)

عمل یا معطی

کشائش رزق کے لیے۔ چاہیئے کہ پنجشنبہ یا جمعہ کے دن پاکیزہ بیٹھ کر تنہا بیٹھ کر ایک ہزار مرتبہ پڑھیں۔ اللہ کے فضل سے اس رات کی سبح کو مقصود بر آئے گا۔ اور رزق میں کشایش ہوگی شک نہیں کرنا چاہیئے اوّل و آخر کچھ درود بھی پڑھنا چاہیے۔ اسم بزرگ یہ ہے المعلی ھواللہ۔

عمل اسماء مکرمہ

کشائش رزق کے لیے روزانہ ہزار مرتبہ پڑھیں اور محبت کے لیے بھی مجرب ہے۔ اگر دم کر کے محبوب کو شیرینی کھلائیں تو میلان ہو جائے۔ اسماء مکرم یہ ہیں۔

جل جلیش جھلیش شلیش کلیش بدیش ۵

بحالی ملازمت کیلئے

بے روزی اور بے ذکری ہو یا کسی نے اُسے برطرف کر دیا ہو پہلے ان تینوں اسموں کی زکوٰۃ ترک میوہ جات کر کے ایک پلّہ تک چنتوا لیں اور دن مرتبہ موافق اعداد حروف تہجی ہر اسم کہ

حکیم علی ضیاء

Scanned by CamScanner

استادوں نے مقرر کیا ہے پڑھے یعنی اوّل کو ایک سو اکہانوے مرتبہ۔ دوسرے کو ایک سو اڑتالیس مرتبہ تیسرے کو تین سو انیس مرتبہ جُدا جُدا ایک وقت ہر روز ایک جلسہ میں پوری مہارت کے ساتھ پڑھا کرے جب چالیس دن تمام ہو جائیں مونگوں کی تھوڑی سی غذا دے کر لڑکوں کو تقسیم کر دے عامل ہو جانے کے بعد جب کبھی اپنے یا کسی دوسرے کے مطلب یا رفع مصیبت کے تین دن یا سات دن حسب دستور پڑھے بے شک مطلب پورا ہو۔ روزگار مل جائے نمونے اسماء معظم یہ ہیں۔

یا سمیع	یا واسع	یا رزاق
۱۰۰۹۱	۱۰۰۴۸	۳۰۱۹

دعوت درہم و دینار ایک ہفتہ تک فرق جو لگاتار کریں اور چہار شنبہ سے شروع کریں۔ تنہائی میں اسم اطرنیل کو کاغذ کے پُرزے پر لکھ کر سر پر رکھ لیں۔ نظر اوپر رکھیں اور یہ اسماء پڑھیں جب دوسرا چہار شنبہ آئے گا تو انشاء اللہ مقصود حاصل ہوگا۔ اور دولتمند ہو جائیں گے۔ اسماء معظم یہ ہیں۔

عَقَشَذ طَقطَوش مطہر ھَوَاطِل وَعَوَاطِل اسبوا مدد من اللہ لھم والفتح بحق یا اسمٰعیل علیہ السلام اراد قوی وھو علی انظام

عمل اسماء الٰہی برائے رزق یہ نقش مع اسماء الٰہی کے طلوع آفتاب سے پہلے عروج ماہ میں زکوٰۃ کے لیے اس طرح لکھیں کہ چالیس نقش ہر روز ایک چلّہ تک لکھیں اور آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالیں۔ ہر روز اسماء الٰہی کو ایک سو مرتبہ نقش لکھنے سے پہلے یا مفتح فتح بالخیر پڑھیں۔ ترک حیوانات ضروری ہے جب اسی طریقہ سے چالیس

			۴۶۰
۴۶۷	۴۷۰	۴۷۳	لہ
۴۷۲	۴۶۱	۴۶۶	۴۷۱
۴۶۲	۴۷۶	۴۶۸	۴۶۵
۴۶۹	۴۶۴	۴۶۳	۴۷۵

روز گزر جائیں گے عامل ہو جائے پس ہر روز ایک نقش لکھ کر جب بارہ پوں کی تھیلی یا حلقہ یا جس چیز میں چاہیں اور اسماء ہر روز ایک سو اسی مرتبہ پڑھا کریں انشاء اللہ جس چیز میں نقش مذکور ہوگا وہ چیز باوجود صرف کرنے کے کبھی (لہ اس عدد کو حال رکھنا چاہیے اور عدد کو اوپر لکھنا چاہیے۔) کم و بیش نہ ہوگی۔ ان اسماء کے تمام عدد ایک ہزار آٹھ سو ستر ہیں۔ اور نقش یہ ہے مگر بغیر ذکر کرنے کے عمل میں نہ لائیں۔ اسماء و نقش یہ ہیں۔

حصول روزگار کیلئے اگر اس آیت کے عمل کے تین ہفتوں میں تمام کریں اور زمین یا خشت پر کان کے نیچے ہاتھ رکھ کر سوئیں عشاء کی نماز کے بعد ہر روز اکتالیس ۴۱ مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ تین ہفتوں کے بعد معقول روزگار ہاتھ آئے گا یا کوئی معقول رقم ملے گی۔ یا کیا کا نسخہ کوئی شخص خواب میں تعلیم کرے گا۔ آیت مذکور سورہ رعد میں ہے۔ انزل من السماء ماء فسالت اودیۃ بقدرھا (رعد ۱۷ تک)

نقش فتاح و لطیف

اس نقش کو ساعت سعد میں لکھ کر اُس صندوقچی یا تھیلی وغیرہ میں رکھیں جس میں روپیہ رکھتے ہوں۔ انشاء اللہ مال میں بہت برکت ہوگی اور تھیلی یا صندوقچی جس میں یہ نقش رکھا جائے گا۔ کبھی خالی نہ ہوگی۔

نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں۔

حکیم علی ضیاء

Scanned by CamScanner

۷۸۶

ل	ط	ی	ف
ف	ی	ط	ل
ط	ل	ف	ی
ی	ف	ل	ط

۷۸۶

ف	ت	ا	ح
ح	ا	ت	ف
ت	ف	ح	ا
ا	ح	ف	ت

اس نقش کو اپنے پاس رکھنے سے کاروبار میں برکت ہوتی ہے

حصول دولت کیلئے

جو شخص اس نقش کو اپنے پاس رکھے گا وہ صاحب دولت ہو جائے گا اور ہر شخص کا دل اس کی جانب کھچے گا مجرب ہے۔
نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۸	۲۱	۱۴	۱۱
۲۳	۱۲	۱۷	۲۲
۱۳	۲۶	۱۹	۱۶
۲۰	۱۵	۱۴	۰ ۰ ۰ ط

وظیفہ دریافت خزانہ

پچاس روز تک برابر چالیس مرتبہ مزمل شریف مع اول و آخر درود شریف پڑھا کرے چار آدمی سیاہ پوش آئیں گے۔ سلام علیک کہہ کر کہیں گے۔ اے بنی آدم کیا چاہتا ہے۔ اس وقت ان سے کہے خزانہ دفینہ ہے۔ مجھ کو بخشو یا اور جہاں ہو تم مجھ کو بتلاؤ اور جب وہ دفینہ بتا کر غائب ہو جائیں وہ جگہ یاد رکھے بھول نہ جائے مگر اول کسی قدر شیرینی لے کر فقراء و مساکین کو تقسیم کرے۔ اس کے بعد دفینہ کی جگہ کھودے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خزانہ ضرور برآمد ہوگا۔

دریافت خزانہ پانچ روز تک ہر روز شب میں دس ہزار بار اللہ الصمد پڑھا کرے صبح کو کل پڑھے خزانہ غیب معلوم ہوگا یا ایک بزرگ خواب میں آ کر مطلع کریں گے کہ فلاں جگہ خزانہ ہے۔

بازو بند فتوح اس نقش کو لکھ کر بازو میں باندھیں۔ انشاء اللہ کبھی مفلس نہ ہوں گے اور خرچ غیب سے پہنچے گا۔

ھوالرزاق علی الاطلاق ۱۱۱ وبط ۱۱۱ ۹ ھوہ دلعا

اسم اعظم دولت چاہیے کہ الدقین اسموں سے جو کہ تمام کلام اللہ کو گھیرے ہوئے ہیں۔ اور بسم اللہ میں آئے ہیں۔ ایک اسم ذات دوسرا اسم ماوی ہے۔ تیسرا اسم رحمت ہے۔ اور ان اسماء کی صفت میں تمام قرآن شریف ہے۔ ان تین اسماء کی استماء بیان کرنے سے زبان قاصر ہے۔ ان اسماء کو تین ہزار ایک سو چھبیس مرتبہ مصر و مغرب کے درمیان ہر روز بلا ناغہ آسمان کے سایہ میں سر برہنہ ہو کر بیٹھ کر پڑھیں۔ اگر خدا نے چاہا تو امیر کبیر ہو جائیں گے۔ اور جس مطلب کے لیے پڑھیں۔ چالیس روز میں وہ مقصد خدا کی مدد سے پورا ہو جائے گا وہ بزرگ اور مکرم اسماء یہ ہیں۔ یا اللہ۔ یا رحمٰن۔ یا رحیم

نقش برکت ساعت مشتری میں مشک و زعفران سے باطہارت لکھیں اور روپے کی تھیلی وغیرہ میں رکھ دیں۔ ہر روز اس میں ہزار روپیہ داخل ہوتا رہے گا۔ اور جس قدر صرف ہوگا اس سے زیادہ آئے گا۔ اسی طرح اگر نقد میں رکھیں تو برکت ہو گی۔ ہمیشہ

۶	اللہ	۱	۹
۶	ع	ع	۱۱
۱۵ھ	۱۵ھ	۱۳	۱۵ھ
۱۶	۳	۸	ع۱۵ھ

۳۱۹ ۲۸۲

Scanned by CamScanner

رکھیں تو غلہ بکثرت پیدا ہو۔ اگر اپنی کلائی میں باندھیں تو ہاتھ روپے سے خالی نہ ہو۔ مجرب ہے۔

جاہ و دولت کیلئے

اگر اخروی جاہ و دولت متصور ہو تو شرف آفتاب میں ایک لوح سونے کی تیار کریں۔ اور سورۂ والشمس کے اعداد بصحت تمام نکال کر نقش خمس کندہ کریں اور داہنے بازو پر باندھیں جب دوسرے دن کی صبح صادق ہو تو نماز سے پہلے آفتاب کی طرف منہ کر کے اس کے نکلنے تک سورۂ والشمس پڑھیں جب آفتاب نکلے تو روح کی طرف نظر کریں اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ درجہ بادشاہی کو پہنچیں گے۔ حاسد کی مرغداد از کرے گا۔ اور سب لوگ اس کے مطیع و محب رہیں گے۔

لوح نقش مربع

بلندی مراتب اور بیت نعمتیں پانے کے لیے ایک لوح سونے کے چار سو چودہ اسی مثقال کی تیار کریں مگر یکم محرم نے اس لوح کا وزن اس عمل میں تین مثقال مقرر کیا ہے۔ ہر کیت تین مثقال سے کم نہ ہونا چاہیئے۔ اس لوح پر شرف آفتاب میں آیۃ کریمہ والشمس تجری لمستقر لہا تا تقدیر العزیز العلیم کے عدد نکال کر اور اسم غالب کے عدد ملا کر نقش مربع کندہ کریں۔ اور لوح کو اپنے پاس رکھیں عزت و مرتبہ حاصل ہوگا مجربات سے ہے۔

عمل سورۂ والشمس

اخروی جاہ و مراتب اور امراء و فقراء کے دل تسخیر کرنے کے لیے شرف آفتاب میں یکشنبہ کے دن سونے کی لوح تیار کریں اور اس پر نقش مربع کندہ کریں۔ اور چار اسم اس کے گرد کندہ کریں۔ ابرصاصبوسا ساسورسا۔ گلاب میں لوح کو ڈال دیں اور گلاب کو شیشہ میں رکھیں اور سات دن ستاروں کے نیچے رکھیں پھر اتار احتیاط سے رکھ چھوڑ دیں اور ضرورت کے وقت گلاب کو منہ پر مل کر مراد دل کے لیے جائیں

فتح یاب ہوں گے۔ اگر حریر سرخ میں لوح کو لپیٹ کر داہنے بازو میں باندھیں اور پچاس مرتبہ ان اسماء کو پڑھیں اور آفتاب کی طرف منہ کر کے کہیں اے منیر اعظم مقصود من ابرصا ست بہ آں مقصد مرا برساں بخور سگائیں اور سورۂ والشمس کو پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں۔ جملہ مرتبہ بلند کو پہنچیں گے لیکن جہاں کہیں بیٹھیں۔ آفتاب جانب راست ہو۔ سوائے وقت نماز کے کبھی اس طرف پیٹھ کر کے نہ بیٹھیں آفتاب کے نکلنے سے پہلے بیدار ہوں اور آفتاب کی طرف منہ کر کے کھڑے ہو کر سورۂ والشمس ہر روز پڑھا کریں۔

۷۸۶

ابرصا ۸۱	۹۴	۹۱	صبیسا ۸۸
۹۲	۸۷	۸۲	۹۳
۸۶	۸۹	۹۶	۸۳
۹ سارسا	۸۴	ع ۸	۹۰ سورسا

عمل ہفت روزہ

فتوحات کے لیے اس نقش کو دو عدد لکھ کر روزانہ دریا میں ڈال دیا کریں۔ انشاء اللہ سات دن کے عرصہ میں فائدہ ظاہر ہوگا دوسری ترکیب یہ ہے کہ ایک ایک نقش معہ اسم کے روز لکھ کر چراغ میں روشن کریں تین دن کے عرصہ میں فائدہ ظاہر ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ب	۲۲	۲۲	۱۶
۲۳	۱۳	د	۳۰
۱۲	۱۸	۳۶	د
۳۳	ح	۱۰	۴

نقش چہار آنہ

ہر مہینے کی ساتویں تاریخ کو نماز صبح کے وقت غسل کریں اور آدھ پاؤ گیہوں کے آٹے کی باجلابت دو روٹیاں پکائیں اور ان میں گھی چپڑ کریں۔ ایک روٹی پر شکر رکھیں اور دوسری پر تھوڑا سا دہی اور نمک اور چار سیاہ مرچیں اور یہ سب

جانماز کے دونوں کناروں پر رکھیں
فاتحہ اُس رد پٹیوں پر دیں اس کے
بعد قبل طلوع آفتاب اس نقش کو
سات عدد کھیں اور رکھ چھوڑیں
جب نماز فجر کا وقت آئے تو
نقوش کو دریا میں ڈال دیں انشاء
اللہ جادو کرنے والے حاضر ہو جائیں گے
نقش لکھتے وقت کوئی بات نہ کرنا
چاہیے۔ اور دل میں درود شریف پڑھیں۔

۷۸۶

۴۹	۱۲	۱۱	۷	۴۲	۴۵	۱۰
۴۶	۴۵	۳۰	۱۸	۳۲	۱۹	۹
۴۲	۳۲	۲۸	۲۲	۱۳	۱۸	۸
۱	۱۳	۲۱	۲۵	۲۹	۴۷	۴۹
۴۸	۱۴	۲۶	۲۷	۲۴	۲۶	۴۰
۳	۳۱	۳۰	۳۳	۱۶	۱۵	۴۱
۴۰	۳۸	۳۹	۳۴	۶	۵	۴

عمل اسم وہاب

جو شخص کہ نماز چاشت کے بعد سر بسجدہ ہو کر اس اسم
کو سات بار پڑھے وہ بفضل خدا بے پروا ہو جائے اسم
یہ ہے۔ یا وھاب۔

عمل اسماء پیغمبران

اسماء پیغمبران شیث ادریس خضر یونس داؤد سلیمان
ایوب ذکریا یحییٰ عیسیٰ ذوالکفل اشموئیل صالح ابراہیم
اسمٰعیل یعقوب یوسف اسحاق موسیٰ لوط شعیب ہارون یوشع کے اعداد
حاصل کریں بعد ان بادشاہوں کے اسماء کے عدد نکالیں تبع بہمن جنگیز خسرو
جمشید فریدون نوشیروان۔ بعد اپنے نام کے حروف ایک جگہ لکھ کر اور مکرر
حروف دُور کر کے تکسیر کریں جب زمام حاصل ہو تو دیکھیں کہ ان حروف سے کون
آفتاب کے ساتھ منسوب ہے اس کو نکال کر کے حروف نورانی کو جدا لکھیں۔ پس
حروف آفتاب و حروف نورانی کو جدا جدا امتزاج سے کر تکسیر کریں۔ جب زمام
حاصل ہو تو سب کو یعنی تکسیر شمسی و تکسیر اوّل کو مرکب کریں اور جو اعداد کہ نکلے ہیں
اُن سے نقش مربع لوح زر پر ساعت شمس میں کندہ کریں اور حاشیہ پر تکسیر مرکب
علم سریانی سے کندہ کریں۔ لوح کو ہمیشہ اپنے پاس رکھیں اور ہمیشہ آفتاب کا بخور
دیا کریں۔ انشاء اللہ جاہ و دولت میسر ہو گی اور تسخیر خلائق حاصل ہو گی اور جو کہ
حروف نورانی و شمسی کی بابت امتیاز کیا گیا ہے۔ اُس کی تشریح یہ ہے کہ حروف
تہجی ستاروں پر تقسیم کئے گئے ہیں اور ابجد سیارگان کا نقشہ یہ ہے۔

ابجد ہوز ح طلل مسع	چنانچہ دائرہ آفتاب کے حروف م ل س ع
زحل مشتری مریخ شمس	ہیں ان کو تکسیر سے جدا کریں اور حروف
فغتر سسع صنقع	نورانی یہ ہیں
زہرہ عطارد قمر	م ح ف ح ب ر ق ی ی ا ل ن۔

پس ان حروف کو بھی جدا کر کے علیحدہ تکسیر کریں اور ہدایت کے مطابق عمل میں
لائیں۔

نقش آتشی خوا

یہ نقش اسپ اور ایک چال فرزین پر تمام کریں یعنی تمام نقش
کو اس طرح کہ دو چال اسپ سے فرزین تمام کر کے لکھیں۔
پس دریا کے کنارے علی الصباح بغیر بات کئے ہوئے جا کر غسل کریں بعدہٗ کعبہ
رو بیٹھ کر چالیس نقش لکھیں اور ہر ایک کو رد عن زرد شکر اور آٹے میں گولی بنا کر
جدا جدا دریا میں ڈالیں بعدہٗ عزیمت نقش کو گیارہ تسبیح پڑھیں عزیمت یہ ہے
ان اللہ عرض کل کل ظل عطاء الطلوب جب چالیس دن بدستور تمام ہو
جائیں۔ ایک موکل حاضر ہو گا اور عرض پوچھے گا جو کچھ مطلب ہو عرض کریں۔ اگر
چالیس دن میں حاضر نہ ہو تو دو تین دن اور جا کر عمل کریں۔ پس موکل جلد حاضر
ہو گا اور دست بستہ جب جب دفعہ جس چیز کا سوال کریں گے پورا کرے گا لیکن زنانہ
کریں اور مفتی چیزوں کا استعمال نہ ہونے پائے۔

Scanned by CamScanner

چھٹا باب

تسخیر خلائق

عمل یا مستطیع

یا مستطیع کو اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھ کر تیرہ سو مرتبہ نماز صبح کے وقت ہمیشہ پڑھیں۔ بے شک عامل کے سامنے خلائق کا مجمع ہو جائے گا۔ مجرب ہے

عمل اسم الٰہی اگر منظور ہو کہ خلق اللہ کو تسخیر کریں تو پہلے اس کی زکوٰۃ دیں یعنی سوا لاکھ بار ایک پتلی میں ترک جلالی جمالی کا پرہیز کر کے پڑھیں اور پرہیزوں کی شرح ہم آئندہ بیان کریں گے۔ پتلے کے بعد عامل ہو جائیں گے پھر ہر روز صبح و شام ایک ایک مرتبہ پڑھا کریں۔ تا کہ خلائق کی تسخیر حاصل ہو۔ اسم مبارک یہ ہے یا سوخدا اس کی ترکیب مجرب ہے۔

عمل اسم اعظم اسم مبارک آیہ الرحمٰن کو جو شخص کر ایک سو پانچ مرتبہ صبح اور ایک سو ایک مرتبہ شام۔ ہمیشہ اپنا ورد رکھے بخدا حب و تسخیر وغیرہ جس بارے میں کسی شے پر دم کرے پورا پورا اثر ہو اور ہمیشہ وہ شخص مالدار رہے محتاج نہ ہو۔ نہایت مجرب ہے۔ اور کامل فقیروں سے پہنچا ہے اسے مخفی رکھنا چاہیئے۔ اور اگر سوا لاکھ بار پڑھ کر زکوٰۃ ادا کریں تو عامل کامل ہو جائیں اس اسم کی صفت کہنا ممکن نہیں۔

نقش فتوح الغیب اسی نقش مذکور کی یہ دوسری ترکیب ہے۔ روز ماہ سے چالیس دن تک چالیس نقش اس ترکیب سے کھس کر ہر روز چالیس نقش مع اسم مؤکل یعنی عدد الف (۱) لکھتے وقت ات حیالا کہیں اور (۲) کے وقت بابت حیالا (۳) پر حبت حیالا (۴) پر دت حیالا (۵) پر ہست حالا (۶) اور پہلے کے نیچے یا حفیقوس کہیں۔ اس طرح کہ ہر مہینہ کا حکم کھلا رہے پنجشنبہ کے دن گھوٹ کر گولی بنا کر فتوح غیب سب اور ہر مطلب کے لیے جاری کریں۔ اثر کامل ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

۵۸۶

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

حکیم علی ضیاء

Scanned by CamScanner

آیت تسخیر خلق اگر اس آیت بزرگ کو اپنا ورد بنالیں تو مخلوق کی نگاہ میں نہایت صاحب عزت اور محترم رہیں۔ آیت یہ ہے سورۂ یٰسین سے سلام قولا من رب الرحیم۔ سورۂ صافات سلام علی المرسلین سلام علی الیاسین وسلام علی نوح فی العالمین سلام علی موسیٰ وھارون سلام علی ابراھیم سورۂ انا انزلنا سے سلام ھی حتی مطلع الفجر سورۂ احزاب سے سلام علیکم طبتم فادخلوھا خالدین۔

عمل تسخیر خلائق اللہ اللہ اسب یا اسرافیل یا ورائیل۔ اس کی رکوٰۃ چہار ماہ کی اسی ہزار بار ہے۔ ہر روز بارہ ہزار بار پڑھا کرے۔ ترک حیوانات ضروری ہے اس کے موکل حاضر ہوں گے۔

رجوع خلائق کے لیے اس عمل پر ایک وقت معین کر کے مداومت کرے انشاء اللہ تعالیٰ چند روز میں کامیابی ہوگی۔ عمل یہ ہے کہ اوّل و آخر درود شریف کے ساتھ روز مرّہ گیارہ بار سورۂ مزمل شریف کی تلاوت کرے مگر ہر بار جب لفظ الی ربک تبتیلا ۝ پر پہنچے تو ایک سو اسّی بار سورۂ اخلاص اس طریق سے پڑھے قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ یَا مَنَّانُ اللّٰہُ الصَّمَدُ یَا مَنَّانُ لَمْ یَلِدْ یَا ظَرِیْفُ وَلَمْ یُوْلَدْ یَا مَجِیْدُ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ یَا مَعْزُ بعدہٗ سورت تمام کرے۔

عمل اسم قادر اگر کسی کو مسخر کرنا ہو تو زوال کے وقت بائیس بار پڑھیں یقین ہے کہ بیس دن کے عرصہ میں وہ شخص مطیع ہو جائے گا اور جو حاجت ہوگی روا ہو جائے گی۔ دعا یہ ہے اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْقَادِرُ وَاَنَا بِمَقْدُوْرِیْتِکَ مِنْ بَدْءِ الْعَقْدِ وَالْاِلْقَادِ یَا رَبِّ یَا رَبِّ یَا رَبِّ۔

آیاتِ تسخیر عالم ایک چلّہ میں سولاکھ بار طہارت کے ساتھ پڑھ کر رکوٰۃ

ادا کریں پس عامل ہونے کے بعد بغض و حسد کے لیے تیر بہدف پائیں گے اور اگر ایک سو گیارہ مرتبہ اول اور آخر شامل کر کے ایک چلّہ تک پڑھیں تو تمام امیر و فقیر مسخر ہو جائیں۔

سولہویں پارہ کے نصف میں وعنت الوجوہ للحی القیوم آخری ربع میں فاکلا منھا فبدت (عنوی تک) تیسویں پارے کی سورۂ بروج میں وھو الغفور الودود (فعال لما یرید تک) سورۂ عادیات میں وانہ لحب الخیر لشدید۔

عمل قل ہو اللہ بہ ترکیب خاص قل ہو اللہ کے عمل کی ترکیب عزائم ۱۱ (چڑھتے مہینے) میں اس سورہ کو چالیس دن تک ہر روز ایک مقدار مقرر کر کے پڑھنا چاہیئے تاکہ چالیس دن میں سوا لاکھ کی تعداد چلّہ بھر میں پوری ہو جائے۔ اور جب پڑھنا شروع کریں تو جو بخورات (سلگانے کی خوشبودار چیزیں) تیسرہوں ان کو سلگائیں۔ تاکہ مؤکلات بکثرت جمع ہوں۔ جب چلّہ تمام ہو جائے تو عامل ہو جائیں گے اس وقت جس چیز پر سورۂ موصوف دم کریں گے تیر بہدف اثر ہوگا۔ اور جو ترکیب چاہیں گے ہو جائے گی لیکن عمل کے وقت ساعت نیک و بد کا لحاظ رکھیں یعنی حب کے لیے دم کریں تو شیر بنی پر دم کریں۔ عداوت کے لیے نمک سرکہ اور مٹی پر دم کریں عمل مطابق واقع ہوگا اگر عزائم منظور ہو تو سورہ کے عدد نکال کر جیسا کہ نقش پہلے لکھا جا چکا ہے سو ہو جیسے نانے میں سیاہی بھر کے اور مظہر سگا کر کسی لڑکے کو دیں اس کے ذریعے عامل کو مریض اور چور کا حال معلوم ہو جائے گا۔ قل ہو اللہ کی بہت سی ترکیبیں ہیں اور اب دوسری ترکیب عمل کی لکھی جاتی ہے۔

قل ھو اللہ احد یا جمیل اللہ الصمد یا مبکائیل لعبدہ ولمولاہ

یا اسرافیل وسمیکن لہ کھنوا العد یا وردائیل ٥

تسخیر امرا امیر وغیرہ کے تسخیر کرنے کے لیے یہ آیت دو مرتبہ خوشبودار روغن یا عطر پر دم کریں اور اپنے منہ پر مل کر امیر وغیرہ کے روبرو جائیں وہ بہت عزت و احترام کرے گا۔ آیت یہ ہے:

عسی اللہ ان یجعل بینکم وبین الذین عادیتم فلان منھم مودۃ واللہ قدیر واللہ غفور رحیم۔

سُرمہ اکسیر حُب اول سیاہ دلایتی بلی کا نر لائیں یا بچہ لے کر پالیں جوان ہو جائے الغرض اُسے ہر روز تھوڑا سا گھی کھلائیں یہاں تک کہ باؤ بھر گھی روزانہ کھانے لگے یعنی ایک ہی مرتبہ میں باؤ بھر کھالے پس اتوار کے دن ایک دیگچہ بے قلعی کا لائیں اور ایک تنہا جگہ غسل کر کے کھاڑے کی لنگی باندھیں۔ بلی کو دیگ میں ڈال دیں اور سرپوش بند کر دیں اور ایک سفید رومال مضبوطی کے ساتھ سر پوش باندھیں تاکہ بلی کود کر باہر نکل جاوے۔

پھر چھابنوں کو تین جگہ رکھ کر چولھا بنائیں دیگ کا منہ پورب کی طرف رکھیں۔ دیگ کے نیچے گھی کا چراغ موٹا سا فلیتہ لگا کر جلائیں تاکہ اس فلیتہ کی آگ دیگ سے مل جائے اور دیگ کی گرم ہو جائے۔ تمام دیگ میں دھواں بھرنے سے بلی کا دماغ ایسا پریشان ہو گا کہ تین مرتبہ بنابت آواز سے آسیب کی طرح آواز کرے گی اس کے بعد وہ دیگ میں قے کرے گی۔ یہ آواز بہت ہی پست ناک ہو گی۔ عامل کو دل میں مطلق خوف نہ کرنا چاہیئے اور اگر ڈرے گا تو فوراً ہلاک ہو جائے گا۔ پس اس دیگ کے سامنے دو زانو بیٹھ کر سورۂ قل ہو اللہ بلا تعداد پڑھیں۔ اور جب قے کی آواز نہ آئے تو پڑھنا موقوف کریں اور سرپوش اٹھا کر دیگ سے بلی کو نکالیں اور قے کے دھوئیں کو کسی پاک برتن میں رکھ چھوڑیں

اور جتنا سُرمہ اُس میں حل ہو سکے حل کریں اور احتیاط سے رکھ لیں۔ یہ سُرمہ تمام عمر کو کافی ہو گا۔ اس سرمہ کو اکسیر حُب کہتے ہیں۔ دو سلائی آنکھوں میں لگا کر امیر و غیر معشوق جس کے سامنے جائے اور آنکھ سے آنکھ ملائے گا وہ عاشق زار اور مطیع فرمان ہو گا۔ جس شخص کو یہ سُرمہ دیا جائے گا اس کے کام آئے گا۔

عمل خطبۂ آدم اگر یہ خطبہ حفظ کرے اور چالیس دن ترک حیوانات کے ساتھ ایک سو ایک مرتبہ کسی تنہا جگہ پڑھے اور اسی طرح ایک چلہ تمام کرے تو عامل ہو جائے پس جس بارے میں دم کرے اثر ہو، اگر سُرمہ پر دم کر کے آنکھوں میں لگائے مخلوق اور ہر ایک دوست دشمن مطیع ہو جائے معشوق کے کپڑے پر اکتالیس مرتبہ دم کرے اور اُس کپڑے کا فلیتہ بنا کر چراغ میں جلائے تو معشوق بیقرار ہو کر آ جائے۔ بیوہ یا شوہر دار پر دم کر کے جس شخص کو کھلائے وہ مطیع فرمان ہو جائے۔ اگر آدمیوں کی زبان بند کرنی چاہیں تو جو زیوا پر چالیس مرتبہ دم کر کے کھلائیں زبان بند ہو جائے گی۔ دو شخصوں میں جدائی ڈالنی ہو اور دشمنی کرنی ہو تو لہسن کے پانچ جوؤں پر چالیس مرتبہ دم کریں اور تین دن تک سرکے میں رکھیں دونوں میں جدائی اور مخالفت ہو جائے گی اگر پانی پر دم کر کے آسیب زدہ کو پلائیں: اُس کے منہ پر چھینٹا دیں تو آسیب بھاگ جائے اسی طرح اس خطبے کی بہت سی خاصیتیں۔ خطبہ یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ الحمد ثنائی والکبریاء ردائی والعظمت ازاری والخلق کلھم عبدی وعیالی ومحمد مصطفیٰ عبدی ومحبیبی ورسولی وانی قد زوجت الثنائی لیبدل بھا عبدی ومحبیبی ورسولی وانی قد زوجت الثنائی لیبدل بھا ملک واحد الثنین لا معقب لحکمی ولا مبدل لقضائی اشھد ملائکتی وحملۃ عرشی وسکنۃ سمائی ودیع صنعتی وقدرتی وادم خلقتی

Scanned by CamScanner

بصداق تسبیحی وتہلیلی وتکبیری وھی ایت الکرسی شھادتی ان لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ یا آدم یا حوا ناد خلی فی عبادی وادخلی جنتی۔

عمل سورۂ جن یہ سورہ تمام جنات کی حاکم ہے۔ جو شخص سورۂ جن سے واقف نہیں ہے وہ کسی عمل سے واقف نہیں ہے کیونکہ جس عمل کو شروع کیا جاتا ہے۔ نماز کی ہر رکعت میں سورۂ جن پڑھی جاتی ہے اور حصار بھی اسی سورت کو پڑھ کر کیا جاتا ہے پس حاسب ہے کہ اس سورت کو حفظ کریں اور ہر جلسہ اور ہر قاعدہ میں اس کو ہمیشہ پڑھا کریں اس کے پڑھنے سے عامل کو بہت بڑا فائدہ پہنچتا ہے۔ اس سورہ کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ اس سورہ میں مؤکلوں کو شامل نہ کریں۔ کیونکہ کعبہ کو سمت کی حاجت نہیں ہے کعبہ میں نماز پڑھنے والا ہر سمت کو نماز پڑھ سکتا ہے۔ یہ سورت خود جنوں کی دعوت کے بارے میں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس سورہ میں ہر ایک کو مخاطب کیا ہے۔ گویا اس سورہ کی سورت ہی مؤکلوں کا نام ہے۔ پس کوئی ضرورت نہیں کہ مؤکلوں کے دوسرے نام شامل کئے جائیں پہلے کی ابتدائی تاریخوں سے سورۂ مذکور کی زکوٰۃ اس طرح دیتی چاہئے کہ ہر روز غسل کریں اور نماز عشا کے وقت ایک چادر میں اپنا جسم چھپا کر کعبہ رو بیٹھیں اور چالیس بار پڑھیں۔ اول و آخر چند بار درود بھی شامل کر لیں حصار کھینچ لیں۔ اسی طرح چلہ تمام کریں عامل ہو جائیں گے۔ اگر کسی کو مسخر کرنا ہو یا امیر یا بادشاہ کو مسخر کر کے اپنے آگے بلانا ہو تو پانچ تخم یا فلفلائیں پہلے دانوں کو منہ سے پاک کریں اور اپنے پاس پاک کپڑے میں رکھیں۔ ایک چلی میں مطلوب کا نام لکھیں۔ اور دوسری چلی میں قارون کا نام لکھیں۔ دس دانوں کے شمار تک بعدہٗ دسویں

دانے میں ہامان کا نام لکھیں اور دوسری طرف مطلوب کا نام لکھیں دس دانوں تک بعدہٗ ایک طرف مطلوب کا نام لکھیں اور دوسری طرف شیطان کا نام لکھیں۔ جب یہ کام ختم ہو جائے تو کوئلوں کی آگ میں پاک برتن رکھ کر آدھی رات کے وقت بھانا نماز پڑھیں۔ خوشبو روشن کریں سورہ پڑھ کر قارون کے دانے پر دم کریں اور آگ میں ڈالیں اسی طرح ہر دانے پر دم کریں اور برتن ڈالیں۔ دل میں مطلوب کا تصور رکھیں کہ گویا دست بستہ حاضر ہے۔ اسی طرح تین دن عمل کریں۔ انشاء اللہ اگر بادشاہ بھی ہوگا تو عامل کے روبرو حاضر ہوگا۔

حکیم علی ضیاء

Scanned by CamScanner

ساتواں باب

حکیم علی ضیاء

تسخیرِ اُمرا اور حکام

لوح زریں برائے تسخیر امراء

بادشاہوں وزیروں اور حکام کو مسخر کرنے اور اُن کی نگاہ میں اعتبار و وقار حاصل کرنے کے لیے سونے کی ایک لوح تیار کریں اور آیۂ معظم اللہ لطیف بعبادہ یرزق من یشاء بغیر حساب کے عدد نکالیں نیز اپنے نام کے بھی عدد نکالیں اور مجموعۂ اعداد سے ساعت آفتاب میں نقش مربع بنا کریں اور اس آیت کو اپنے نام کے حروف میں ادغام کریں اور لوح پر یہ حروف بھی کندہ کریں اور یہ اسم سب حروف کے اوپر کندہ کریں یا کیمیول اور یہ دوسرا اسم لوح کے نیچے کندہ کریں

کسی سے عمل کرتے وقت کلام کریں مثال یہ ہے:

حامد: حروف بسیط ح ا م د۔ ادغام کی صورت اح ال ال م د ول

طی ف ب ح اب اوہی رزق من ن ی کشش اصب اوہی روح س اب۔

اعداد دو ہزار تین سو چورانوے ہیں جس طرح دیئے گئے دو ہزار تین سو

چونسٹھ باقی رہے اس کے چار حصے کئے بانسوا کا نوے ہوئے

پس جیٹھ کے مہینے میں جب کہ آفتاب ثمنا ثور میں ہو تلسے ماہ ثابت پایا

گیا جو کہ اخروی جاہ کے لیے مفید ہے۔ اس مہینے میں بکتبہ کے دن پہلی ساعت میں جو کہ

آفتاب کی ساعت ہے اور دن بھی آفتاب سے منسوب ہے آفتاب کا بخور سلگایا اور آفتاب کی طرف جو مذکر ہیں منسوب ہیں اُن پر موکلات کی نیاز ادا کی رجال الغیب کو پیغام بھیجے کیا۔ تاریخ سعد پائی پس خاموش بیٹھ کر پہلے لوح پر اسم جو کہ مذکور ہو چکا ہے۔ کندہ کیا اُس کے بعد حروف تہجی کندہ کئے پھر جو اعداد کہ نکالے ہیں اُن کا نقش کندہ کیا پھر دوسرا اسم نقش کے نیچے کندہ کر دیا۔ نقش یہ ہے۔ پس لوح کو ترتیب مذکور کے ساتھ تیار کریں اور اپنے پاس رکھیں۔ عزیز ہو جائیں گے۔

۵۹۸	۶۰۱	۶۰۲	۵۹۱
۶۰۳	۵۹۲	۵۹۷	۶۰۲
۵۹۳	۶۰۶	۵۹۹	۵۹۶
۶۰۰	۵۹۵	۵۹۴	۶۰۵

تسخیر حکام کیلئے

تسخیر حکام کے لیے ساعت مشتری میں اتوار کو شروع کریں۔ چرسونے کی ایک تختی بنا کر اپنے اور اپنی ماں کے نام

۲۰۴	۲۰۷	۱۲۰	۱۹۷
۲۰۹	۱۹۸	۲۰۲	۲۰۸
۲۹۹	۲۱۲	۲۰۵	۲۰۲
۲۰۶	۲۰۱	۲۰۰	۲۱۱

حاکم اور اُس کی ماں کے نام کے عدد نکالیں اور اس آیۂ شریفہ سلام قولاً من رب الرحیم کے عدد نکال کر دونوں کو جمع کریں اور نقش مربع پر کریں۔ نقش یہ ہے اس میں سب حروف عدد بڑھائیں۔

نقش آیات جلیلہ

بادشاہوں اور حکام کے دل کو مطیع و مسخر کرنے کے لیے چاہیے کہ ساعت سعد میں جبکہ قمر منحوست سے خالی ہو اور ماہ ثابت ہو ایک لوح سونے کی تیار کریں اور آیۂ معظم صراط علی حق نمسکہ کے عدد نکال کر نقش مربع کھینچیں اور لوح مذکور

Scanned by CamScanner

پر کندہ کریں اور لوح کو اپنے پاس رکھیں جب حاکم کے رُوبرو جانا ہو تو بخور سلگا کر اس آیت کو ستر دفعہ پڑھیں اور اپنے اُوپر دم کر کے حاکم کے آگے جائیں۔ دوسری ترکیب یہ ہے کہ آیہ شریفہ یا الٰہ الآلہۃ الرفیع جلالہ کے عدد نکالیں اور نقش مربع کھینچ کر ساعت مذکور میں لوح زر پر کندہ کر کے اپنے پاس رکھیں۔ حاکم مطیع و مسخر ہوگا چنانچہ آیہ اوّل کے عدد ایک ہزار تینتالیس ہیں۔ دوسری کبیر کے عدد نو سو نوّے ہیں پس دونوں کو ادغام کیا دو ہزار سولہ ہوئے دونوں کا نقش لکھ دیا ہے جیسا مناسب ہو عامل عمل کرے پہلی آیت کے اعداد کا نقش یہ ہے۔

دونوں آیتوں کے مجموعہ اعداد کا نقش یہ ہے

۷۸۶

۲۵۹	۲۶۳	۲۶۷	۲۵۳
۲۶۶	۲۵۳	۲۵۹	۲۶۳
۲۵۵	۲۶۹	۲۶۱	۲۵۸
۲۶۲	۲۵۷	۲۵۶	۲۶۸

۷۸۶

۲۵۹	۲۶۳	۲۶۷	۲۵۳
۲۶۶	۲۵۳	۲۵۹	۲۶۳
۲۵۵	۲۶۹	۲۶۱	۲۵۸
۲۶۲	۲۵۷	۲۵۶	۲۶۸

بازو بند تسخیر امراء

امرا اور حکام کا دل مسخر کرنے کے لیے مجرب ہے جب آفتاب کو شرف ہو۔ اس نقش مخمس کو اسی کی لوح پر کندہ کریں بسم اللہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور دونوں بازو میں یا نفر ھیں لعقد جاہ کو وسط من انفسکم عزیز علیہ ما عنتم

۵۷۵	۷۶۷	۲۸۰	۷۷۱	۲۵۸
۷۶۹	۷۶۱	۷۷۳	۷۶۵	۷۸۳
۷۶۳	۷۷۴	۷۷۲	۷۵۹	۷۷۶
۷۶۳	۷۸۱	۷۷۴	۷۷۹	۷۷
۷۸۴	۷۶۸	۷۶۰	۷۷۷	۷۶۴

۷۸۶

حریص علیکم بالمومنین رؤف رحیم۔ اس نقش میں اضافہ کریں تو بہت خوب ہے۔ نقش یہ ہے۔

بسم اللہ بسم اللہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

حکام کا دل مسخر کرنے کے لیے مجرب ہے۔

۷۸۶

۴۰۲	۴۰۸	۴۱۱	۳۹۶
۴۱۰	۳۹۷	۴۰۲	۴۰۹
۳۹۸	۴۱۳	۴۰۶	۴۰۱
۴۰۷	۴۰۰	۳۹۹	۴۱۲

طلسمی انگوٹھی

وزراء امرا اور حکام کی تسخیر کے لیے چاہیے کہ جب آفتاب کو شرف ہو تو ساعت سعد میں ہرن یا شیر کی کھال پر سرخ یا عروف لکھے اور انگوٹھی کے نگینے کے نیچے رکھے۔ یہ انگوٹھی پہن کر حاکم کے روبرو جائے۔ حاکم مسخر ہو جائے گا۔ اور جو کچھ کہے گا۔ اُسے قبول کرے گا حروف مسلم یہ ہیں: ا ح ج د س ص ط ع ک ل م و د لا۔

نقش مخمس

وزراء امرا اور حکام کو مسخر کر لے اور اُن پر قبضہ کرنے کے لیے شرف زہرہ میں بحروف سلگائیں۔ اور آیہ کریمہ بفضل اللہ ما یشاء و بعکوما یوید کے عدد نکال کر نقش مخمس کینچے اور تانبے کی لوح پر کندہ کریں پشت لوح پر یہ اسماء کندہ کریں یا خوطائیل یا موکیائیل جب تیار ہو جائے تو اپنے پاس رکھیں اُمرا

۷۸۶

۱۸۵	۱۹۲	۱۹۸	۲۰۴	۱۷۹
۱۹۹	۲۰۰	۱۸۰	۱۸۶	۱۹۳
۱۸۱	۱۸۷	۱۹۲	۱۹۵	۲۰۱
۱۸۹	۱۹۶	۲۰۲	۱۰۲	۱۸۸
۲۰۳	۱۸۳	۱۸۴	۱۹۱	۱۹۷

Scanned by CamScanner

اور حکام کے نزدیک معزز و محترم ہوں گے۔

نقش ذوالکتابۃ

امراء و حکام کو مسخر کرنے کے لیے چاہیے کہ پہلی ساعت میں یکشنبہ کے دن ایک سونے کی لوح تیار کریں۔ اور اس پر یہ نقش مربع سولہ خانے سے پُر کریں۔ باوضو ہوں کوئی چیز جو اجزات کی قسم سے ہو اپنے پاس نہ رکھیں کسی سے بات نہ کریں۔ یا تو سوا خدا منہ میں رکھیں تو بہتر ہے۔ لوح کے کنارے یہ آیہ کندہ کریں وکفی باللہ شہیدا محمد رسول اللہ لوح تیار ہونے کے بعد کچھ صدقہ دیں لوح کو اپنے بازو پر باندھیں امراء اہل دربار و قلوب سلاطین کے دل مسخر ہو جائیں گے نقش یہ ہے سولہ خانے سے پُر کریں۔

۲۳۹	۲۴۲	۲۴۵	۲۳۲
۲۴۴	۲۳۳	۲۳۸	۲۴۳
۲۳۴	۲۳۷	۲۳۰	۲۳۷
۲۳۱	۲۳۶	۲۳۵	۲۳۶

۶۸۶

نوع دیگر تسخیر کے لیے ساعت زہرہ میں تانبے کی ایک لوح تیار کریں اور نقش ذوالکتابت جس طریقے سے لکھا گیا ہے۔ اس پر کندہ کریں نقش کے پیچھے دوسرا نقش جو لکھا گیا ہے کندہ کریں اور آیہ معظم قل اللھم مالک الملک کو اردگرد نقش کے کندہ کریں بعد ازاں لوح کو موم کافوری پر ثبت کریں۔ اس طرح کہ نقش نیچے رہے۔ پس جس شخص کو مسخر کرنا ہو موم کو کپڑے میں لپیٹ کر اور بغل میں رکھ کر اس کے روبرو جائیں۔ انشاء اللہ اس پر غالب آئیں گے۔ اگر مخالف خون کا معاملہ ہوگا دشمن کو تکلیف دینے کے لیے اور اس پر فتح پانے کے لیے لوح مذکور کو موم پر ثبت کریں۔ اور موم سے ایک صورت بنا کر صورت کو تکلیف دیں اور جو کچھ مہر میں لکھا ہے وہ صلیبے پر اٹھا کر گھسیں اور گندم کی کھال پر یہ نقش مثلث لکھ کر صورت کی پیٹ میں رکھیں اور جس طرح چاہیں تکلیف دیں۔ دشمن کو تکلیف پہنچے گی یعنی صورت کو زخم لگائیں دشمن بھی زخم کھائے گا۔ ملی ہوا نقش ذوالکتابت و مثلث یہ ہے:

۱۸۹۷	۸۰۲	۱۸۲۸	۱۳۱۸
علیہ اللہ فسویتہ اجرا عظیما	علی فسادومن اوفی بما عاھدا	ید اللہ فوق ایدیھم فمن نکث فانما ینکث	ان الذین یبایعونک انما یبایعون اللہ
۱۸۲۷	۱۳۱۹	۱۷۹۶	۸۰۲
۶۳۲	۱۸۳۰	۸۰۰	۱۷۹۰۵
۸۰۰۱	۱۷۹۴	۱۳۲۱	۱۸۲۹

نقش تسخیر الامراء

اگر کوئی مناسب چاہیں کہ امرا اور حکام کو تسخیر کریں ان کو چاہیے کہ ایک مربع تختی سونے کی بنائیں اور جس وقت کہ زہرہ و مشتری کی تثلیث ہو اس آیہ کریمہ واللہکم الہ واحد لا الہ الا ھو الرحمن الرحیم ۵ کے عدد نکال کر نقش مربع پر کریں۔ چنانچہ اعداد نو سو بیس ہیں جس طرح دیئے گئے۔ آٹھ سو تو سے باقی رہے اس کے چوتھے حصے سے نقش پُر کیا گیا۔ یہ ہے

۲۲۹	۲۳۳	۲۲۶	۲۲۲
۲۳۵	۲۲۳	۲۲۸	۲۳۲
۲۲۴	۲۳۸	۲۳۱	۲۲۷
۲۳۲	۲۲۶	۲۲۵	۲۲۷

پس اس نقش کو لوح پر اسی ساعت مذکور میں کندہ کریں۔ اور وہ یہ ہے کہ جس وقت مشتری ایک برج میں ہو اور زہرہ مشتری سے اس برج کے تیسرے درجہ پر ہو یا اس برج سے تیسرے برج میں ہو یا نویں یا پانچویں میں یا تیسرے درجے میں ہو اس کو نظر تثلیث کہتے ہیں۔ اور اسی طرح ہر ستارہ کو معلوم کرنا چاہیے۔ اگر ایک سے دوسرا چھٹے درجے پر ہو تو اُسے نظر تربیع کہتے ہیں۔ اگر ایک سے دوسرا چھٹے درجے پر ہو تو وہ تسدیس ہے اگر ساتویں میں ہو تو مقابلہ ہے اگر

Scanned by CamScanner

دوسرے میں ہو تو مقارنہ ہے اگر آٹھویں میں ہو تو ساقط ہے۔ عناد ہائے نیکست یہ ہیں۔

عناد ہائے نیکست	عناد ہائے تربیع	عناد ہائے مقارنہ
۹ ۵ ۳ طالع طالع سے	۳ ۱۰ طالع بمقابلہ سے	۷ طالع سے
عناد ہائے نیکست پس	عناد ہائے ساقط	عناد مقارنہ
۹ ۱۱ مقابلہ سے	طالع سے ۱۲ مقابلہ ہے	۲ طالع سے

پس اسی حساب پر لوح مذکور کو کندہ کریں اور لوح کی پشت پر اپنا اور اپنی ماں کا نام نیز بادشاہ اور اُس کی ماں کا نام اور دونوں ناموں کے ساتھ ایک اسم الٰہی لکھیں۔ اس طرح یا طیطال یا کیال یا دودیا اصباث یا اصباباد وحم پس اسموں کے ہمراہ لوح کی پشت پر یہ اسما کندہ کریں اور کندہ کرتے وقت تھوڑی سی شیرینی منہ میں رکھ لیں۔ اور جب تک لوح تیار کریں کسی سے بات نہ کریں۔

غضب سلطانی سے بچنے کیلئے

حکام وامرا کے غضب سے بے خوف ہونے اور اُن کو اپنے اوپر مہربان کرنے کے لیے پنجشنبہ کے دن روزہ رکھیں جب دو گھڑی دن چڑھے تو کاغذ سپند کی ایک وسلی لے کر سونے کے پانی سے یہ نقش مربع لکھیں۔ اور اس آیہ کو دمن شر قضاء السوء وشر کل دابۃ انت اٰخذ بناصیتھا ان ربی علی صراط مستقیم کے عدد نکالیں اور اُس نقش میں لکھیں۔ اس نقش کو اپنے پاس رکھ کے بادشاہ کے روبرو جائیں اگر خون بھی کیا ہو گا تو معاف کر دے گا اور بہت عزت کرے گا جب واپس آئیں تو اُس لوح کو قرآن مجید میں سورۂ تبارک الذی کی جگہ رکھ دیں۔ اپنے پاس زر کھیں نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں۔

۱۴۸۶	۱۴۸۹	۱۴۹۳	۱۴۷۹
۱۴۹۲	۱۴۸۰	۱۴۸۵	۱۴۹۰
۱۴۸۱	۱۴۹۵	۱۴۸۷	۱۴۸۳
۱۴۸۸	۱۴۸۳	۱۴۸۲	۱۴۹۴

عتاب شاہی دُور کرنے کیلئے

پنجشنبہ کے دن ساعت اوّل آفتاب میں بشرطیکہ قمر نحوست سے خالی ہو آیہ شریفہ سبحان ربک رب العزۃ عما یصفون وسلام علی المرسلین و الحمد للہ رب العٰلمین ۵ کے عدد نکال کر اور اُس نقش مربع میں ادغام کر کے اور سپند کی لوح پر کندہ کریں۔ بخورات سلگائیں اور نقش کو دھونی دیں۔ لوح کو بائیں بازو پر باندھیں۔ ہر طرح بادشاہ کے غضب سے بے خوف رہیں گے۔ خواہ خطاوار ہی کیوں نہ ہوں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۲۰۶	۳۲۰۹	۳۲۱۲	۳۱۹۹
۳۲۰۱	۳۲۰۰	۳۲۰۵	۳۲۱۰
۳۲۰۱	۳۲۱۲	۳۲۰۷	۳۲۰۴
۳۲۰۸	۳۲۰۳	۳۲۰۲	۳۲۱۳

حکیم علی ضیاء

Scanned by CamScanner

آٹھواں باب

کامیابی مقدمات کیلئے

عمل حصار

اگر کسی ظالم و جابر کے پاس جانا ہو اور اُس کا مسخر کرنا منظور ہو پس یہ عمل حصار سات بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور اُس کے پاس جائے۔ مطیع و مسخر ہوگا۔ یہ عمل عجیب و غریب ہے۔ اللّٰہ لا الٰہ الا ھو الحی القیوم یا الٰہ الاولین ہر کہ ما را بد گوید زبان بند شود و حضرت سلیمان عصا و موسیٰ برہنگی او را و حضرت زکریا بر تن او کرم حضرت ایوب در دہن او و قہر حضرت سلیمان بر زبان او و تسلط رجال الغیب بر جان او و قہر خدا بران مقہور بحق یا بدوح یا بدوح یا بدوح و اللّٰہ المستعان علی ما تصفون۔ یا اللّٰہ یا اللّٰہ

وظیفہ تسخیر حکام جو شخص کہ رود بہ نزد کسی ظالم کے آگے جاتا ہو اور ڈرتا ہو چاہے کہ مقدمہ فیصل کرانے کے لیے جائے۔ چاہیئے کہ اس سے پہلے پنجشنبہ کے دن شام وقت کے بعد تھوڑا روغن گل سفید اور تھوڑا مشک عطر میں ملا کر ان آیتوں کو چالیس مرتبہ ہر روز دوسرے جمعہ تک دم کرے۔ جب ہفتہ ختم ہو جائے تو اُس روغن کو رکھ چھوڑے اور روز اپنے منہ پر ملا کرے پھر جب حاکم کے پاس جائے گا تو تھوڑے عرصہ میں مطلب بر آئے گا۔ حاکم کیسا ہی ظالم ہو لیکن

رحم کرے گا اور فتح و نصرت حاصل ہوگی۔ اگر یہ ترکیب کسی دوست کو بتائے یا عطر دے تو اُس کے لیے بھی مفید ہوگا مجرب ہے آیتیں یہ ہیں۔ پہلے بسم اللّٰہ زیر و زبر کی سمت کے ساتھ پڑھے۔

یا ایھا النبی انا ارسلناک شاھدا و مبشرا و نذیرا و داعیا الی اللّٰہ باذنہ و سراجا منیرا و بشر المومنین بان لھم من اللّٰہ فضلا کبیرا و لا تطع الکافرین و المنافقین و دع اذاھم و توکل علی اللّٰہ و کفی باللّٰہ وکیلا ۔

وظیفہ تسخیر حکام اوّل و آخر درود شریف کے ساتھ سورۂ مزمل شریف کا پہلا رکوع اکیس بار اور دوسرا رکوع گیارہ بار پڑھ کر پانی پر شربت پر دم کر کے قدرے اس میں سے اپنے منہ اور سر پر لگائے اور پانی کو پی کر حاکم کے روبرو جائے۔ انشاء اللّٰہ حاکم مہربانی سے پیش آئے گا۔

وظیفہ تسخیر حکام اگر کوئی یہ مبارک آیت سات مرتبہ اپنے منہ پر دم کر کے بادشاہ کے آگے جائے اور ہزار خون بھی کئے ہوں گے تو بادشاہ اُس پر رحم کرے گا اور نیک مندی کے ساتھ واپس آئے گا۔ آیت یہ ہے۔ سلام قولا من رب الرحیم (ایتھا المجرمون تک)

وظیفہ تسخیر حکام جمعہ کے دن پہلی ساعت میں ایک شیشہ کے ظرف میں سورۂ فاتحہ آہنی قلم سے مشک و زعفران یا کافور و مشک سے لکھے۔ پھر اس کو عرق گلاب سے دھو کر اس گلاب کو ایک شیشی میں رکھ لے اور اُس پر سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کرے۔ بروقت ضرورت قدرے گلاب اُس میں سے اپنے منہ پر مل کر حاکم کے روبرو جائے۔ انشاء اللّٰہ وہ حاکم مہربانی سے پیش آئے گا۔

Scanned by CamScanner

نقش آیہ معظمہ

اگر کوئی شخص کسی ظالم امیر کے سامنے جانا چاہے تو اس آیہ معظمہ کو مثل تعویذ کے موم میں لپیٹ کر زبان کے نیچے رکھ لیں اور جا کر گفتگو کریں بے شک وہ امیر مسخر و مہربان ہو جائے گا۔ نیز اس آیت کے عدد نکال کر نقش مربع پر کریں اور سات نقش مع اسم مطلوب کے اور اس کی ماں کے نام کے لکھ کر مطلوب کو پلائیں۔ مطیع ہو جائے گا۔ اگر نقش مذکور بازو پر باندھیں گی تو ہر دل عزیز رہیں گے

۷۱۸	۷۲۲	۷۲۵	۷۱۱
۷۲۴	۷۱۲	۷۱۶	۷۲۳
۷۱۳	۷۲۷	۷۳۰	۷۱۶
۷۲۱	۷۱۵	۷۱۴	۷۶۶

آیت یہ ہے وتمت کلمة ربك صدقا وعدلا لا مبدل لكلمة وهو السميع العليم۔ آیت مذکور کے عدد دو ہزار آٹھ سو چھتر ہیں۔ ان سے حسب قاعدہ پُر کیا گیا اور وہ یہ ہے۔

کامیابی مقدمات کیلئے

اگر کسی پر کوئی تہمت لگائے یا عدالت میں مقدمہ پیش ہو اور حاکم برخلاف ہو یا اس کی میراث بدور لے لی ہو اس آیت کا سلسلہ ختم ہونے تک ہزار بار روزانہ پڑھنا چاہیے اللہ تعالیٰ اس بلا سے اور ہر آفت دنیاوی سے محفوظ رکھے گا۔ آیت یہ ہے:

وافوض امری الی اللہ ان اللہ بصیر بالعباد۔

کامیابی مقدمات کے لیے

اگر کوئی شخص کسی مصیبت میں مبتلا ہو یا کوئی مقدمہ درپیش ہو تو اس عمل کو تین روز تک کریں۔ ترکیب یہ ہے کہ بعد ظہر تین آدمی یاسات تو ہی مگر بعد وضو طاق ہوں بارہ بارہ ہزار تین روز تک پڑھیں اور بعد ختم شیرینی تقسیم کریں اور جو غریب خواندہ ہوں ان کو نقد بھی ضرور دیں اور جس قدر خیرات ہو سکے دریغ نہ کریں مجرب ہے وہ عمل بخدا

یہ ہے۔ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ ط اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ ط

کامیابی مقدمات کیلئے

بادِ صبا مشک و زعفران و عرق کیوڑہ میں حل کر کے نقش لکھے بعدہٗ دھونی لوبان کی دے کر بازو پر باندھ کر مقدمات کی پیشی کے وقت جائے بفضلہٖ تعالیٰ کامیاب ہوگا۔ وہ نقش مکرم یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

۲۶۹۸	۲۶۹۱	۲۶۹۶	یَامَانُ
۲۶۹۳	۲۶۹۵	۲۶۹۷	یَاسَتَّارُ
۲۶۹۳	۲۶۹۹	۲۶۹۲	یَاقَیَّامُ
ملیقا	ملیقا	ملیقا	یَاحَفِیْظُ

یَا بَدِّیْعُ یَا بَدِّیْعُ یَا بَدِّیْعُ

قیدی کی رہائی کے لیے

قیدی کی رہائی کے لیے اوّل و آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر ایک سو چار مرتبہ یہ دعوت پڑھیں قیدی جلد رہائی پائے گا۔ یہ ہے یا غیاثی عند کل کربتہ ومجیبی عند کل معوۃ ومنادی عند کل شدۃ ورجائی حین تقطع حیلتی۔

حکیم علی ضیاء

Scanned by CamScanner

حکم جلاوطنی کی واپسی کیلئے

اگر کسی امیر یا بادشاہ نے کسی کو شہر بدر کر دیا ہو یا امیر اُس کی جانب رغبت نہ رکھتا ہو یا جو مطلب انسان دنیا میں رکھتا ہو بے شک حاصل ہو گا۔ چاہیے کہ پنجشنبہ کے دن روزہ رکھے اور غسل کر کے پاک اور سفید کپڑے پہنے اور مطرف کر روزہ افطار کرے پھر تنہا جگہ بیٹھ کر بخور و روشن کرے اور تھوڑی سی کھیر پہلے سے تین رکابیوں میں نکال کر اپنے سامنے رکھ لے پہلی رکابی پر مؤکل کی جس کا نام (اگر نہ ہو) سے نیاز کرے دوسری رکابی پر جناب پیغمبر کی نیاز کرے۔ تیسری رکابی پر جناب فاطمہ کی نیاز کرے اور بارہ سو مرتبہ ان اسماء کو ایک تسبیح پڑھے اور کوئی میٹھی چیز میوہ کھا کر سو رہے اور کھیر کو مسجد میں بھیج دے اور جناب فاطمہ کی نیاز لڑکیوں کو کھلائے۔ اسماء یہ ہیں:

یا حیّ	یا قیوم	یا علی	یا ولی	یا غنی

پس صبح کو وہ مطلب پورا ہو گا یعنی بادشاہ اُس کو طلب کرے گا۔ اور اگر ایک دن میں مقصد پورا نہ ہو دوسرے دن بغیر شیر برنج پکائے روزہ رکھے اور اسم موصوف تعداد مذکورہ کے مطابق پڑھے۔ اگر پھر بھی مطلب نہ ملے تو بغیر شیر برنج اور روزے کے وظیفہ مذکور کامل عبادت کے ساتھ بارہ روز تک پڑھے۔ بادشاہ و امیر و فقیر سخر ہوں گے اور خدا کے فضل سے اپنے مقصود کو پہنچے گا۔

قیدی کی رہائی

پنجگانہ نماز میں پانچوں وقت سو مرتبہ سات دن تک پڑھیں انشاء اللہ قیدی رہائی پائے گا۔ آیت یہ ہے:

یا بنی لا تدخلوا من باب واحد وادخلوا من ابواب متفرقۃ وما اغنی عنکم من اللہ من شئ ان الحکم الا للہ علیہ توکلت وعلیہ فلیتوکل المتوکلون یا خاص یا مخلص۔

رہائی قیدی کے لیے

مشک و زعفران سے سورۂ مزمل شریف ایک کاغذ پر لکھ کر قیدی کے بازو پر باندھ دیوے انشاء اللہ وہ قیدی بلدر رہا ہو گا۔

بحالی منصب کیلئے

اگر عہدہ یا درجہ کم کر دیا گیا ہو۔ تو وہ نوچندی جمعرات کو روزہ رکھے۔ دن کو سورۂ یوسف ایک بار پڑھے۔ اور رات کو بروقت سونے کے ایک بار سورۂ یوسف اور سو بار لا الہ الا اللہ سو بار اللہ اکبر۔ سو بار الحمد للہ۔ سو بار سبحان اللہ سو بار استغفار سو بار قال الملک آئتونی سے المحسنین تک یہ آیت ہے۔ سورۂ یوسف میں تا کامیابی بلاناغہ پڑھا کرے۔

حکیم علی ضیاء

Scanned by CamScanner

نواں باب

چور کی شناخت اور مالِ مسروقہ کی بازیافت

بازیافت مالِ مسروقہ کے لیے

اگر کسی کا مال چوری گیا ہو تو اس طلسم کو مع آیت کریمہ کے کاغذ پر لکھیں اور پہلے مشتبہ لوگوں سے کہہ دیں کہ جس نے میرا اسباب لیا ہو وہ دے دے اور اگر اسباب کوئی نہ دے تو پھر یہ عمل کریں۔ افرایت من اتخذ الٰھہ ھواہ واضلہ اللہ علی علم وختم علی سمعہ وقلبہ وجعل علی بصرہ غشاوۃ وھم عذاب علیم وان تولوا فقل حسبی اللہ لا الٰہ الا ھو علیہ توکلت وھو رب العرش العظیم لہ لہ لہ

یہ ہے

۲	۹	۴
۷	۵	۳
۶	۱	۸

چور کی شناخت

اس نقش کو چور کے لیے کاغذ پر لکھیں اور چادروں میں رکھ دیں۔ اور چاول مشتبہ لوگوں کو کھلائیں چور کے حلق سے نیچے نہ اتریں گے۔ اور روٹی پر لکھ کر کھلائیں تو بھی نوالہ حلق کے نیچے نہ اترے گا نقش یہ ہے۔

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

چور کی شناخت کیلئے

اگر اس نقش کی زکوٰۃ دیں تو ہزار ہا خواص ظاہر ہوں گے۔ خواب میں چور کی صورت دیکھنے کے لیے بہت مجرب ہے۔ اول ایک ناگہ پیس ہزار نقش کر کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالیں عامل ہو جائیں گے۔ جب چور کو معلوم کرنا منظور ہو تو اس نقش کو سیدھی ہتھیلی پر لکھ کر سو جائیں۔ چور کی صورت خواب

میں نظر آئے گی۔
نقش یہ ہے۔

۳۸۸۴	۳۸۸۹۳	۳۸۸۹۱	۳۸۸۹۱۰
۳۸۸۹۵	۳۸۸۹۰	۳۸۸۸۰	۳۸۸۹۶
۳۸۸۸۸	۳۸۸۹۲	۳۸۸۹۹	۳۸۸۸۶
۳۸۸۹۸	۳۸۸۸۶	۳۸۸۸۸	۳۸۸۹۳

چور کی شناخت کیلئے

اگر ان نقوش کو اپنے سرہانے رکھ کر سو جائیں تو چور کی صورت خواب میں نظر آئے گی نقوش یہ ہیں۔

۷۸۶

۸	۳	۷	۱
۶	۲	۷	۵
۳	۹	۲	۶
۳	۵	۴	۸

۷۸۶

۸	۳	۷	۱
۶	۲	۷	۵
۳	۹	۲	۶
۳	۵	۴	۸

۸	۳	۷	۱
۶	۲	۷	۵
۳	۹	۲	۶
۳	۵	۴	۸

۸	۳	۷	۱
۶	۲	۷	۵
۳	۹	۲	۶
۳	۵	۴	۸

نقش مربع قل ہو اللہ

نقش مربع پر کریں۔ سولہویں خانہ میں سیاہی بھر دیں اور ایک چھوٹے لڑکے کو دیں کہ اس

Scanned by CamScanner

۷۸۶

۲۲۲	۲۲۵	۲۳۳	۲۳۵
۲۲۸۷	۲۳۶	۲۴۱	۲۳۶
۲۳۷	۲۵۱	۲۴۳	۴۳
۲۴۲	۲۳۹	۲۳۸	۲۵۰

میں دیکھے اور جو نظر آئے وہ عامل سے بیان کرے انشاء اللہ مرض اور چور کا احوال نظر آئے گا اور تھوڑا سا عطر بھی سونپ دیں خانہ میں لگا دیں۔ قل ہو اللہ میں مؤکلوں کے یہ ہے، یا عزائیل بحق قل ھو اللہ احد یا میکائیل بحق اللہ الصمد یا طاطائیل بحق لم یلد ولم یولد یا اجائیل ولم یکن لہ کفوا احد اور عددوں کا نقش علاوہ مؤکلوں کے یہ ہے کہ لڑکے کے ہاتھ میں دینا چاہیئے۔

چور کی شناخت کیلئے

یہ آیت ہزار بار یا عبارت چالیس دن تک پڑھیں اور ہر روز دھونی میں خوشبو روشن کیا کریں جب عامل ہو جائیں اور کبھی چوری ہو جائے تو اس مبارک آیت کو ایک روٹی روٹی پر جسے یا عبارت لکھا یا ہو لکھیں اور اس کے ہر گوشہ پر جا بجا سات مرتبہ لکھیں اور علیحدہ بنا کر ایک ایک نوالہ ان لوگوں کو دیں جن پر شبہ ہو جو چور ہوگا اس سے کھایا نہ جائے گا یعنی حلق سے نہ اترے گا اور چور فوراً معلوم ہو جائے گا زکوٰۃ دیئے بغیر بھی عمل اثر کرتا ہے اور بڑا کی دشمن کے لیے بھی کارآمد ہے۔

آیت یہ ہے: فلولا اذا بلغت الحلقوم وانتم حینئذ تنظرون ۝

چور کی شناخت کے لیے

جس قدر لوگوں پر شبہ ہو اسی قدر کا نذ کے پرزے لے کر یہ آیت لکھیں۔ اور ان پرچوں کی گولیاں بنا کر سنار کے کانٹے میں برابر وزن کریں اور مٹی کے برتن میں پانی بھر کر ہر ایک گولی کو علیحدہ علیحدہ پانی میں ڈالیں جو گولی کہ پانی سے تر ہو کر سب گولیوں کے اوپر آ رہے اور نہ ڈوبی۔ وہی چور کے نام کی گولی ہوگی۔ مجرب ہے آیت یہ ہے

السارق والسارقۃ فاقطعوا ایدیھما جزاء بما کسبا نکالا من اللہ واللہ عزیز حکیم ۝

چور کی شناخت کیلئے

آیت شریف فلولا اذا بلغت الحلقوم و انتم حینئذ تنظرون کا نقش کو خواہ

۱۳۴۱	۱۳۴۵	۱۳۴۸	۱۳۴۲
۱۳۴۷	۱۳۴۵	۱۳۴۰	۱۳۴۶
۱۳۳۶	۱۳۵۰	۱۳۴۳	۱۳۳۹
۱۳۴۴	۱۳۴۸	۱۳۳۷	۱۳۴۹

روٹی پر لکھیں خواہ چاولوں میں رکھیں اور روٹی کا علیحدہ بنا کر جن پر شبہ ہو جو چور ہوگا اس کے حلق سے نہ اترے گا۔ نقش یہ ہے۔

چور کی شناخت کیلئے

۲۰۸	۲۰۲	۲۱۰
۲۰۹	۲۰۷	۲۰۴
۲۰۳	۲۱۱	۲۰۶

اگر اس نقش کو لکھ کر اور بنا کے پانی میں دھو کر مشتبہ لوگوں کو کھلائیں تو جو چور ہوگا وہ ایک ہفتہ میں ضرور بیمار ہو جائے گا۔ نقش یہ ہے۔

چور کی ایذا دہی کیلئے

اس نقش کو تین عدد فلیتہ کی طرح بنا کر چراغ میں جلائیں یا تین عدد تعویذ آگ میں جلائیں یا کٹورے پر لکھ کر آگ کے نیچے دفن کریں۔ بے شک چور کو ایذا ایسی پہنچے گی کہ چرایا ہوا مال دے دے گا نہیں تو دست آئیں گے اور

Scanned by CamScanner

بہت بیمار ہوگا اور اگر بغرض مال حاصل نہ ہو تو سورۂ انا اعطینا کو اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کرکے اسی طرح تین مرتبہ دم کریں اور پوچھا میں ملا کر گھر میں جلائیں چور کو بہت تکلیف پہنچے گی۔ لیکن بجائے ابتر کے یوں کہیں کہ السارق مال فلاں ابتر ابتر۔ اگر اسی طرح تین دن ۲۷۔ ۲۸۔ ۲۹ تاریخ خاک پر دم کریں اور دشمن کے گھر اور دوکان میں ڈالیں تو تباہ و ویران ہو جائے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۱۸	۱۲۱	۱۲۳	۱۱۱
۱۲۲	۱۱۲	۱۱۷	۱۲۲
۱۱۳	۱۲۶	۱۱۹	۱۱۶
۱۲۰	۱۱۵	۱۱۴	۱۲۵

چور کی شناخت کیلئے

اگر کسی چور نے مال لے لیا ہو اور وہ چھپا ہو اور لوگ تمہارے پاس آئیں کہ چور کا نام بتاؤ تو مناسب یہ ہے کہ پاؤ بھر آٹا طلب کرو اور کنوئیں سے تازہ پانی بھر لاؤ تین مرتبہ سورۂ مبارک کو پانی پر دم کرو اور پھر آٹا تر کرکے ایک چھٹانک گھی ملاؤ اور روغنی روٹی پکاؤ جب روٹی تیار ہو جائے تو اس پر آیے کے اعداد کا نقش لکھے جو کہ سورۂ یٰسین میں موجود ہے۔ اور آیۂ مذکورہ سورۂ موصوف کی جان ہے اور جملہ موکل قرآن شریف کے اس آیت کے مطیع ہیں۔ آیت یہ ہے۔ سلام قولا من رب رحیم کل آٹھ سو اٹھارہ عدد ہیں۔ ان اعداد کا نقش اس جگہ لکھا جاتا ہے۔ اسی نقش کو روٹی پر لکھنا چاہیے۔

۲۰۴	۲۰۵	۲۱۰	۱۹۷
۲۰۹	۱۹۸	۲۰۳	۲۰۸
۱۹۹	۲۱۲	۲۰۵	۲۰۲
۲۰۶	۲۰۱	۲۰۰	۲۱۱

اس نقش کے آس پاس آیہ لا تظلم نفس شیئاً ولا تجزون الا ما کنتم تعملون لکھنا چاہیے اور اس روٹی کا علیحدہ بنا کر تین بار پھر سورۂ یٰسین پڑھ کر دم کریں اور جن جن لوگوں پر شبہ ہو ان کو ایک ایک نوالہ دیں کہ فوراً کہا ئیں جو چور ہوگا اس کے حلق سے نیچے نہ اترے گا اور گولی بن کر زمین پر گر پڑے گا۔

چور کا نام نکالنا

ساٹھی کے چاول لاکر پاک پانی سے دھوئیں اور دھوپ میں خشک کرکے تین بار سورۂ یٰسین دم کرکے پھر پانی میں تر کریں اور تمام رات تر رکھیں صبح کو چار ماشہ روپیہ کی برابر وزن کرکے ہر ایک شخص کو جس پر شبہ ہو کھلائیں، جو چور ہوگا اس کے حلق سے نیچے نہ اتریں گے۔ لیکن یہ عمل اس وقت پورے ہوتے ہیں، جب سورۂ کی زکوٰۃ دریا کے کنارے ادا کی جائے اور بغیر زکوٰۃ دیئے صرف کتاب دیکھ کر عمل کیا جائے گا تو مؤثر نہ ہوگا۔ بہرکیف اگر چور کے حلق سے چاول یا علیحدہ اتر گیا تو ایسی صورت میں عامل کو جو فی الحقیقت عامل نہیں ہے سخت نقصان پہنچے گا۔ کیونکہ سورۃ کے موکل اس کے مطیع نہیں پس جس شخص کے حلق سے چاول نیچے نہ اترے ممکن ہے کہ وہ چور نہ ہو بلکہ کوئی معزز آدمی ہو اور دوسرے لوگوں میں بدنام ہو اور مال اس کے پاس سے برآمد نہ ہو ایسی صورت میں یہ شخص عامل کو ضرور بہت نقصان پہنچائے گا۔

اور کیا عجب ہے کہ جوش میں آکر ہلاک کر دے! اس لیے مناسب ہے کہ کوئی شخص ایسی حماقت نہ کرے اور زکوٰۃ دیئے بغیر کوئی عمل نہ کرے۔

چور کا نام نکالنا

اگر کوئی چور کے ہاتھ سے بہت تنگ ہو اس وقت اسے لازم ہے کہ دو پیسہ میں ایک چھری تیار کرے اور عامل چالیس بار سورۂ یٰسین پڑھ کر اس چھری پر دم کرے اور کسی جگہ زمین میں گڑھی کرکے دفن نہ کرے گردستہ کو زمین کی برابر کھلا رکھے پھر اس پر اتنی

Scanned by CamScanner

آگ جلائے کر سات دن تک باقی رہے انشاء اللہ سات دن کے عرصہ میں چور کے پیٹ سے خون جاری ہو جائے گا اور جب تک پھری آگ سے نکالی نہ جائے گی صحت نہ ہوگی۔

چور کی شناخت

اس آیت کو رد خی روئی پر لکھیں اور اس کا بخور بنائیں پھر بلدے پر سورۂ یٰسین دم کریں اور جن لوگوں پر شبہ ہو ان کو ایک ایک نوالہ کھانے کے لیے دیں جو چور ہوگا۔ اس کے حلق سے نیچے نہ اترے گا باکری بن کر باہر نکل پڑے گا اور چور ظاہر ہو جائے گا۔ آیت یہ ہے: فالیوم لا تظلم نفس شیئاً ولا تجزون الا ما کنتم تعملون ۝

حکیم علی ضیاء

دسواں باب

مفرور اور گم شدہ کی واپسی

نقش فلکی

۷۸۶

۲۵۹	۲۶۲	۶۶۷	۲۵۲
۲۶۶	۲۵۳	۲۵۸	۲۶۳
۲۵۴	۲۶۹	۲۶۰	۲۵۷
۲۶۱	۲۵۶	۲۵۵	۲۶۸

بھاگے ہوئے غلام کے لیے یہ نقش لکھ کر چمڑے پر باندھیں اور چلائیں بھاگنے والا سر گرداں ہو کر چلا آئے گا۔

نقش یہ ہے:

نقش صرصر

